E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com...... 0333-4883972

Daily **PUBLIC** Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

روزنامہ

پبلک

فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | جمعرات یکم اکتوبر 2026ء / 18 ربیع الثانی 1448ھ / قیمت 10 روپے | شمارہ 233

پاکستان کے سعودی کو مدد فراہم کرنے کے عزم میں کوئی ابہام نہیں ہے، سعودی عرب کا کوئی بھی دشمن پاکستان کا دشمن ہے

سعودی عرب کا دشمن پاکستان کا دشمن ہے، خواجہ آصف

پاکستان تمام دستیاب وسائل استعمال کرے گا، ایک چیز بہت واضح ہونی چاہیے اور وہ یہ کہ سعودی عرب کا دشمن پاکستان کا دشمن ہے، حوثیوں کی جانب سے کسی بھی خطرے کی صورت میں سعودی عرب کے دفاع میں سامنے آئیں گے

کسی بھی کشیدگی میں سعودی عرب کی مدد کیلئے موجود ہیں، پاکستان تمام دستیاب وسائل استعمال کرے گا، وزیر دفاع خواجہ آصف کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ حوثی سعودی عرب کے خلاف جارحیت کا ارتکاب کر رہا ہے اور ہم کسی بھی کشیدگی میں سعودی عرب کی مدد کیلئے موجود ہیں، کشیدگی حوثیوں کی جانب سے ہو یا پھر کسی دوسرے ملک کی جانب سے، سعودی عرب کی سکیورٹی کو چیلنج کرنے والے کسی بھی اقدام کے دفاع میں سامنے آئیں گے اور پاکستان تمام دستیاب وسائل استعمال کرے گا، ایک چیز بہت واضح ہونی چاہیے اور وہ یہ کہ سعودی عرب کا دشمن پاکستان کا دشمن ہے، حوثیوں کی جانب سے کسی بھی خطرے کی صورت میں سعودی عرب کے دفاع میں سامنے آئیں گے۔ عرب نیوز کو دورہ روم کے دوران انٹرویو میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے سعودی عرب میں موجود پاکستانی فوجیوں کی فضائی حملوں میں شرکت کے حوالے سے آگاہ کرنے سے گریز کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان کی فوجی صلاحیتیں سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)



لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب موبائل پولیس اسٹیشن وین میں متعین سٹاف سے گفتگو کر رہی ہیں

کسٹمز انفورسمنٹ گڈانی نے بڑے پیمانے پر اسمگلنگ کی کوششیں ناکام بناتے ہوئے 15 کروڑ 40 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا سامان ضبط کرلیا

گڈانی (این این آئی) کسٹمز کلکٹریٹ (انفورسمنٹ) گڈانی نے بلوچستان کے مختلف علاقوں، بشمول مکران ڈویژن، لسبیلہ اور حب میں انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کارروائیوں کے ذریعے اسمگلنگ کے خلاف آپریشنز مزید تیز کر دیئے ہیں۔ ان کارروائیوں کے دوران کسٹمز انفورسمنٹ ٹیموں نے دیگر قانون (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

پاکستان نے سندھ طاس معاہدے سے متعلق اپنا موقف سفارتی سطح پر اٹھایا، سندھ طاس معاہدے کو نہ معطل کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی التوا میں رکھا جاسکتا ہے

ہم امن چاہتے ہیں

پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے نہیں دے سکتے، عطا تارڑ

وزیر اعظم نے اقوام متحدہ میں واضح کیا کہ ہمارا پانی روکنا جنگی اقدام تصور ہوگا، پانی پاکستان کے عوام کی زندگی، زراعت اور معیشت سے براہ راست جڑا ہوا ہے

بین الاقوامی معاہدوں کو یکطرفہ طور پر معطل یا ختم نہیں کیا جا سکتا، سندھ طاس معاہدے کو معطل یا التوا میں رکھنے کے خلاف عالمی عدالتیں واضح فیصلہ دے چکی ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ ہم امن چاہتے ہیں تاہم پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے نہیں دے سکتے، سندھ طاس معاہدہ خطے میں امن و استحکام کا ذریعہ ہے، سندھ طاس معاہدے کو معطل یا التوا میں رکھنے کے خلاف عالمی عدالتیں واضح فیصلہ دے چکی ہیں، ہم امن چاہتے ہیں تاہم پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے نہیں دے سکتے۔ انسٹیٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز میں پانی کا بطور ہتھیار استعمال، سندھ طاس معاہدے کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)



قصور: ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا ضلعی افسران کی کارکردگی جانچنے اور عوامی خدمت کے امور کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا زندہ دلان لاہور کے لئے بڑی خوشخبری کا اعلان

لاہور میں 29 جنوری سے 7 فروری تک 10 دن بسنت منائی جائیگی، وزیر اعلیٰ نے منظوری دیدی

انسانی جان کی حفاظت یقینی بنانے کے لیے فرض شناسی، ذمہ داری اور احساس کے ساتھ گزشتہ بسنت کی طرح ایک نئی مثال قائم کریں۔

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے زندہ دلان لاہور کے لئے بڑی خوشخبری کا اعلان کر دیا، لاہور میں 10 دن بسنت منائی جائے گی، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے منظوری دے دی۔ 25 سال کے تعطل کے بعد رواں سال فروری میں 6 سے 8 فروری تک لاہور میں بسنت منائی گئی تھی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سال 2027ء کی آمد پر لاہوریوں کو 10 روزہ بسنت کا تحفہ دینے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق 29 (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)



لاہور: مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب علی ڈار اپنے بیٹے ابراہیم کے ہمراہ مریم نواز سکول اینڈ ریسورس سنٹر کا دورہ کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ نے چارج دیر سے فریم ہونے پر دوبارہ ٹرائل کی درخواست مسترد کردی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا ہے کہ فوجداری مقدمے میں چارج دیر سے فریم ہونا قانونی بے قاعدگی ہے تاہم محض اس بنیاد پر ٹرائل کالعدم یا ازسرنو شروع نہیں کیا جاسکتا جب تک یہ ثابت نہ ہو کہ اس بے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

لانگ مارچ ہوگا جو ہمارا بنیادی حق ہے، حکمران ہوش کے ناخن لیں، شاہد حسین

خیبر پختونخوا کی محب وطن عوام دہشت گرد نہیں بلکہ کئی دہائیوں سے دہشت گردی کا شکار ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما میاں شاہد حسین نے کہا ہے کہ لانگ مارچ کے اعلان سے پہلے تحریک انصاف نے انصاف کے حصول کے لیے تمام دروازے کھٹکھٹائے مگر پی ٹی آئی کو دیوار کے ساتھ لگا دیا گیا، دنیا بھر میں مقیم اوورسیز پاکستانی عمران خان کے ساتھ مسلسل ناروا سلوک کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا کی زیر صدارت کارکردگی جانچنے کا اجلاس

عوام کو سرکاری خدمات کی بروقت، شفاف فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی

قصور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا کی زیر صدارت ضلعی افسران کی کارکردگی جانچنے اور عوامی خدمت کے امور کا جائزہ لینے کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز اور مختلف سرکاری محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔

پی ٹی آئی کا 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کا حتمی فیصلہ، ارکان اسمبلی کو اہم ہدایات جاری

4 اکتوبر کو پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا مارچ ہوگا، یہ عہدے اور کرسی اس کے لئے معنی رکھتی ہے، جس کے اپنے مفاد ہوں ہم ڈر کر پیچھے ہٹنے والے نہیں

وزیر اعلیٰ کی قیادت میں قافلہ پشاور سے روانہ ہوگا، اراکین اور کارکنان انتشار پھیلانے والوں پر نظر رکھیں، سہیل آفریدی کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے 4 اکتوبر کو اسلام آباد مارچ کا حتمی فیصلہ کرتے ہوئے تمام ارکان اسمبلی، پارٹی عہدیداروں، ذیلی تنظیموں کو تیاری کی ہدایات جاری کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف نے 27 ستمبر سے موخر کیے گئے لانگ مارچ کو مزید ملتوی نہ کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے اعلان کردہ 4 اکتوبر کو اسلام آباد کی طرف مارچ کرنے کا حتمی فیصلہ کیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے اس حوالے سے ارکان اسمبلی، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

پنجاب میں ناجائز منافع خوری پر 1 کروڑ 13 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے، 341 افراد گرفتار

پنجاب بھر میں عام آدمی کو سستی اور معیار کے مطابق اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے نگرانی کا یہ سلسلہ بلا تعطل جاری رہے گا

عام آدمی کو سستی، معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے نگرانی کا سلسلہ بلا تعطل جاری رہے گا، ڈاکٹر کرن خورشید

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن نے صوبہ بھر میں گرانفروشی اور اشیائے ضروریہ کی مقررہ قیمتوں سے زائد وصولی کے خلاف وسیع پیمانے پر کریک ڈاؤن کیا ہے۔ 21 ستمبر سے 27 ستمبر 2026 تک پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے 4 لاکھ 32 ہزار 465 مقامات پر چھاپے مارے۔ سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن ڈاکٹر کرن خورشید نے بتایا کہ اس ایک ہفتے کے دوران اوور چارجنگ اور قانون شکنی پر 1 کروڑ 13 لاکھ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)



لاہور: ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو وحدت کالونی لاہور میں عبداللہ خان سنٹیل کرکٹ سٹیڈیم کی تزئین و آرائش کے بعد افتتاح کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر نارووال طیب خان کا سکولوں کا دورہ، طلباء میں یونیفارم تقسیم

نونار گرلز ہائی سکول میں صفائی، لینڈ سکیپنگ اور تعلیمی انتظامات پر اظہار اطمینان، شجرکاری اور تعلیمی نتائج بہتر بنانے پر زور

نارووال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان نے گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول نونار کا دورہ کیا اور طلباء میں یونیفارم تقسیم کرنے کی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب کے دوران ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان نے طلباء میں یونیفارم تقسیم کیے۔ اس موقع پر انہوں نے بچوں سے ملاقات کی، ان کی تعلیمی سرگرمیوں اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)

نارووال میں صوبائی محتسب پنجاب کی آگاہی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات پر فوری احکامات

سرکاری محکموں کی بدانتظامی، تاخیر اور لاپرواہی کے خلاف شہری سادہ کاغذ پر مفت درخواست دے سکتے ہیں

نارووال (این این آئی) صوبائی محتسب اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر علاقائی دفتر محتسب پنجاب ضلع نارووال کی طرف سے دفتر میونسپل کمیٹی میں آگاہی پروگرام اور کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ ایڈوائزر صوبائی محتسب پنجاب عامر اعجاز اکبر نے آگاہی پروگرام اور کھلی کچہری میں سرکاری محکموں کے حوالے سے عوامی شکایات سنیں۔

فیروز آباد میں 38 منشیات کے عادی گداگر گرفتار

کمشنر کراچی کی ہدایت پر کارروائی، گرفتار افراد بحالی اور دیکھ بھال کیلئے ایدھی ہوم منتقل

کراچی (این این آئی) کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی ہدایت پر شہر میں پیشہ ور گداگروں اور منشیات کے عادی افراد کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ کمشنر کراچی آفس کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر فیروز آباد جویریہ اشرف نے پولیس کی مدد سے فیروز آباد سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگایا گیا تو قانونی مقابلہ کریں گے، عوامی ردعمل بھی آئیگا، اسد قیصر

چارسدہ (این این آئی) سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگایا گیا تو قانونی مقابلہ کریں گے، عوامی ردعمل بھی آئیگا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے کہا کہ صوبائی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)



لاہور: ایم ڈی پارکس ہارٹی کلچر اتھارٹی لاہور احمد عثمان جاوید گلشن راوی کالونی میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

صومالیہ میں 3 پاکستانیوں کی شہادت، ایم ڈبلیو ایم کا اظہار افسوس

واقعے کی مکمل تحقیقات کرائی جائیں اور پاکستانی شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے موثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔

کئی ماہ سے جہاز پر موجود پاکستانی شہری مدد کیلئے پکارتے رہے، تاہم ان کی مدد کیلئے کوئی موثر عملی اقدام نہیں کیا گیا

کراچی (این این آئی) مجلس وحدت مسلمین پاکستان کراچی ڈویژن کے صدر حافظ کاظم عباس نے صومالیہ میں مغوی جہاز "آنر 25" پر فورسز کے آپریشن کے دوران 3 پاکستانیوں کی شہادت پر گہرے افسوس اور تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں حافظ کاظم عباس نے شہید پاکستانیوں کاشف عمر، محمود انصاری اور رفیع اللہ خان کے اہلخانہ سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ یہ سانحہ حکومت کی نااہلی اور مجرمانہ خاموشی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کئی ماہ سے جہاز پر موجود پاکستانی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

مزار قائد کے پوڈیم تک عوامی رسائی کی پابندی ختم کرنے پر غور

عام افراد کے داخلے کو منظم کرنے کیلئے ڈپٹی کمشنر شرقی کی سربراہی میں کمیٹی قائم، 2 ہفتوں میں رپورٹ طلب

کراچی (این این آئی) کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس میں بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے مزار کے پوڈیم تک عام افراد کی رسائی کی پابندی ختم کرنے کی تجویز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ مزار قائد پر عام افراد کے داخلے کو منظم کیا جائے گا، جبکہ سٹینڈنگ قائمہ کمیٹی برائے قومی ورثہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

پارٹی کے دوران ڈیانا آپے سے باہر ہوئی، غیر ملکی خاتون سے مبینہ زیادتی کیس میں ملزمان کے بیانات ریکارڈ

گرفتار ملزمہ مسکان کا تین روزہ جسمانی ریمانڈ منظور، غیر ملکی خاتون کے جہلم میں مبینہ نکاح کی دستاویزات، نئی ویڈیو سامنے آگئی

متاثرہ خاتون کی میڈیکل رپورٹ میں مبینہ زیادتی کی تصدیق ہوئی ہے، واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے، تفتیشی ذرائع

لاہور (این این آئی) لاہور میں آذربائیجان سے تعلق رکھنے والی غیر ملکی خاتون ڈیانا سے مبینہ اجتماعی زیادتی کے کیس میں نئے شواہد، عدالتی بیانات اور سنسنی خیز انکشافات سامنے آئے ہیں۔ لاہور کی کینٹ کچہری میں جوڈیشل مجسٹریٹ اظہر محمود کی عدالت نے کیس کی سماعت کرتے ہوئے گرفتار ملزمہ مسکان کا تین روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کرلیا جبکہ پولیس نے ملزمان کے بیانات ریکارڈ کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیفنس کے فلیٹ سے اہم شواہد بھی اکٹھے کر لیے ہیں۔ لاہور کے جوڈیشل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی حکومت کے پی میں ایمرجنسی نفاذ سے متعلق سنجیدگی سے غور کر رہی ہے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کے پی میں ایمرجنسی نفاذ سے متعلق سنجیدگی سے غور کر رہی ہے، دہشتگردی کے خلاف ناکامی کے باعث آرٹیکل 232 (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)



کراچی: سابق وفاقی وزیر غوث بخش خان مہر پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کر رہے ہیں

نارووال، ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کے اجلاس میں 7 کیسز کی سماعت

ایک کیس عدالت ریفر، عطائیت اور ڈرگ ایکٹ کی خلاف ورزی پر ایف آئی آر کا حکم

جعلی و غیر معیاری ادویات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی برقرار رکھنے کی ہدایت

نارووال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کے اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری کمیٹی عرفان نعیم، ڈرگ انسپکٹر نارووال ڈاکٹر آصف فاروق اعوان، ڈرگ انسپکٹر شکرگڑھ اسد گلزار، سینئر ممبر کمیٹی پروفیسر ڈاکٹر شیراز انجم اور ڈاکٹر عمار سرور نے شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ ڈرگ کوالٹی کنٹرول بورڈ کے اجلاس میں مجموعی طور پر 7 کیسز سنے گئے۔

مجھے نہیں لگتا سہیل آفریدی سیاسی طور پر اتنے طاقتور ہیں کہ لانگ مارچ کر سکیں، عطا تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کا سوال قبل از وقت ہے، خیبر پختونخوا میں گورننس کی ناکامی واضح ہے، صوبائی حکومت دہشتگردی روکنے میں ناکام رہی ہے، کوہاٹ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

اپنی چھت اپنا گھر پروگرام، شفافیت سے سہولت تک منفرد ریکارڈ

وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین کی زیر صدارت اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

2 لاکھ 15 ہزار سے زائد خاندانوں کو قرضوں کی منظوری، 273 ارب روپے سے زائد کی رقم تقسیم کی جاچکی ہے، بلال یاسین

لاہور (این این آئی) وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین کی زیر صدارت اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پھاٹا، بینک آف پنجاب اور اربن یونٹ کے افسران نے رواں ماہ کے اہداف اور قرضوں کی فراہمی کے حوالے سے پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت اب تک 2 لاکھ 15 ہزار سے زائد خاندانوں کو قرضوں کی منظوری دی جاچکی ہے جبکہ مستحق خاندانوں کو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

اقلیتی سہولت ڈیسک کے ضلعی فوکل پرسنز کا ماہانہ جائزہ اجلاس

اقلیتی برادری کی شکایات ترجیحی بنیادوں پر میرٹ کے مطابق حل کی جائیں

جان و مال کے تحفظ کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں، افسران کو ہدایت

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی کراچی کی ہدایات پر کراچی رینج کے تمام اضلاع میں قائم اقلیتی سہولت ڈیسک کے ضلعی فوکل پرسنز کا ماہانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت سندھ پولیس کی اقلیتی کمیٹی کی چیئرپرسن اور ایس ڈی پی او گلبرگ ڈاکٹر منیشا روپیتا نے کی۔ اجلاس میں اقلیتی برادری کے تحفظ، مسائل کے بروقت ازالے اور شکایات کے موثر تدارک کے حوالے سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کو آنکھ کلینک کے دورے پر سابق وزیر صحت پروفیسر جاوید اکرم پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

گورنر سندھ سے آسٹریا کے اعزازی قونصل جنرل کی ملاقات

پاک آسٹریا تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے آسٹریا کے اعزازی قونصل جنرل ڈاکٹر حسین اسلام نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی، جس میں پاکستان اور آسٹریا کے باہمی تعلقات، تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے فروغ سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

گورنر راج یا ایمرجنسی لگانے سے خیبر پختونخوا کے حالات مزید خراب ہوں گے، ایمل ولی خان

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی کا نفاذ غیر جمہوری عمل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

این ایچ اے نے 2 سال قبل ریونیو میں اضافے کا مقرر کردہ ہدف حاصل کرلیا، عبدالعلیم خان

این ایچ اے کے متعدد منصوبے آئندہ چند ماہ میں مکمل، وزیر اعظم افتتاح کریںگے، وفاقی وزیر

شاہراہوں پر انسانی جانوں کا تحفظ اولین ترجیح، روڈ سیفٹی پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، اعلیٰ سطحی اجلاس

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی زیر صدارت نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے جاری اور مجوزہ منصوبوں، ریونیو میں اضافے، روڈ سیفٹی اور ترقیاتی پروگرامز پر اعلیٰ سطح کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں مختلف منصوبوں پر پیش رفت اور مالی معاملات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ این ایچ اے نے 2 (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

صومالیہ میں 3 پاکستانیوں کی شہادت، ایم ڈبلیو ایم کا اظہار افسوس

کئی ماہ سے جہاز پر موجود پاکستانی شہری مدد کیلئے پکارتے رہے، تاہم ان کی مدد کیلئے کوئی موثر عملی اقدام نہیں کیا گیا

شہداء کی میتیں فوری وطن لائی جائیں، زخمیوں کو طبی سہولیات اور دیگر پاکستانیوں کو بحفاظت واپس لانے کے اقدامات کیے جائیں، حافظ کاظم عباس

کراچی (این این آئی) مجلس وحدت مسلمین پاکستان کراچی ڈویژن کے صدر حافظ کاظم عباس نے صومالیہ میں مغوی جہاز "آنر 25" پر فورسز کے آپریشن کے دوران 3 پاکستانیوں کی شہادت پر گہرے افسوس اور تشویش کا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)

Scanned with CamScanner

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر پلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ من آباد فیصل آباد سے شائع کیا

ہم امن چاہتے ہیں

وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ ہم امن چاہتے ہیں تاہم پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے نہیں دے سکتے، سندھ طاس معاہدہ خطے میں امن واستحکام کا ذریعہ ہے، سندھ طاس معاہدے کو معطل یا التوا میں رکھنے کے خلاف عالمی عدالتیں واضح فیصلہ دے چکی ہیں، ہم امن چاہتے ہیں تاہم پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے نہیں دے سکتے۔ انسٹیٹیوٹ آف اسٹریٹیجک اسٹڈیز میں پانی کا بطور ہتھیار استعمال، سندھ طاس معاہدے کی معطلی کی تاریخی، قانونی وتذویراتی پہلو پر خصوصی رپورٹ کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ انسٹیٹیوٹ آف اسٹریٹیجک اسٹڈیز کی جانب سے رپورٹ کا اجرا لائق تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ بطور پاکستانی ہمیں فخر ہے کہ ہمارا تعلق سندھ طاس کی قدیم تہذیب سے ہے، طے شدہ معاہدے پر عمل درآمد متعلقہ فریقین کے لیے لازمی ہے اور بین الاقوامی معاہدوں کو یکطرفہ طور پر معطل یا ختم نہیں کیا جاسکتا اس لیے عالمی ثالثی عدالت بھی پاکستان کے موقف کے حق میں فیصلہ دے چکی ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ پاکستان نے سندھ طاس معاہدے سے متعلق اپنا موقف سفارتی سطح پر اٹھایا، سندھ طاس معاہدے کو نہ معطل کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی التوا میں رکھا جاسکتا ہے، ہم نے عالمی برادری کو سندھ طاس معاہدے پر اپنے قانونی موقف سے آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم نے اقوام متحدہ میں واضح کیا کہ ہمارا پانی روکنا جنگی اقدام تصور ہوگا، پانی پاکستان کے عوام کی زندگی، زراعت اور معیشت سے براہ راست جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہزاروں جانوں کی قربانی دے چکا ہے اور اربوں ڈالر کا نقصان برداشت کر چکا ہے، ہمارا مشرقی ہمسایہ ہم پر سرحد پار مداخلت کے بے بنیاد الزامات عائد کرتا ہے اور بے بنیاد الزامات کی بنیاد پر سندھ طاس معاہدے کو التوا میں رکھنے کا اعلان کیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کو معطل یا التوا میں رکھنے کے خلاف عالمی عدالتیں واضح فیصلہ دے چکی ہیں، ہم امن چاہتے ہیں تاہم پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے نہیں دے سکتے۔ تقریب سے سینئر مسلم لیگی رہنما سابق وفاقی وزیر خرم دستگیر خان اور آبی ماہرین بھی شریک تھے۔

امریکہ میں قیصر احمد شیخ: سرمایہ کاری کی تلاش میں ایک وزیر کا سفر

تحریر: ریحان گیلانی

پاکستان میں کسی وفاقی وزیر کے بیرون ملک دورے کی بات ہو تو عموماً سوال اٹھتا ہے کہ اس دورے سے ملک کو کیا حاصل ہوا؟ کیا کوئی معاہدہ ہوا، سرمایہ کاری آئی یا دورہ چند ملاقاتوں اور بیانات تک محدود رہا؟

وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ کا حالیہ دورہ امریکہ اس سوال کو ایک مختلف زاویے سے دیکھنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ یہ دورہ کسی ایک تقریب تک محدود نہیں تھا بلکہ عالمی اقتصادی فورمز، سفارتی حلقوں، امریکی کاروباری شخصیات اور پاکستانی امریکن کمیونٹی کے ساتھ رابطوں پر مشتمل تھا۔

یہ دورہ ایسے وقت میں ہوا جب پاکستان کو عالمی سرمایہ کاری کے حصول کے لیے ایک مشکل اور مسابقتی ماحول کا سامنا ہے۔ ایسے میں صرف سرمایہ کاری کی دعوت دینا کافی نہیں، بلکہ عالمی سرمایہ کاروں کو پاکستان کے امکانات، اصلاحات اور کاروباری مواقع پر اعتماد دلانا بھی ضروری ہے۔

ورلڈ اکنامک فورم میں پاکستان کی آواز

دورہ امریکہ کا اہم مرحلہ World Economic Forum کے Sustainable Development Impact Meetings 2026 میں شرکت تھا، جو 21 سے 24 ستمبر تک نیویارک میں منعقد ہوا۔

قیصر احمد شیخ نے Global Regulatory Innovation Platform کے افتتاحی پینل میں شرکت کرتے ہوئے پاکستان کی ریگولیٹری اصلاحات، سرمایہ کاری کے ماحول اور کاروباری مواقع کو عالمی سطح پر اجاگر کیا۔ ان کی گفتگو کا بنیادی پیغام یہ تھا کہ پاکستان سرمایہ کاروں کے لیے کاروباری ماحول کو مزید سہل بنانے کی سمت میں آگے بڑھ رہا ہے۔

یہاں پاکستان کے لیے اصل چیلنج یہی ہے کہ عالمی سرمایہ کاروں کو مواقع کے ساتھ اعتماد، پالیسی تسلسل اور کاروبار میں آسانی کا یقین دلایا جائے۔

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں شرکت

نیویارک میں قیصر احمد شیخ کی سرگرمیاں صرف ورلڈ اکنامک فورم تک محدود نہیں رہیں۔ انہوں نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس میں بھی پاکستانی وفد کے ہمراہ شرکت کی۔

جنرل اسمبلی کے اجلاس میں دنیا بھر کے رہنماؤں کی موجودگی کے دوران پاکستان کے عالمی، سفارتی اور معاشی مفادات کو اجاگر کرنے کے لیے اہم مواقع پیدا ہوئے۔ ایک وزیر سرمایہ کاری کی حیثیت سے قیصر احمد شیخ کے لیے یہ عالمی رابطوں کو معاشی اور سرمایہ کاری کے امکانات سے جوڑنے کا بھی اہم موقع تھا۔

یوں نیویارک میں ان کی سرگرمیوں میں عالمی اقتصادی فورم اور اقوام متحدہ دونوں اہم عالمی پلیٹ فارم شامل رہے۔

ہیوسٹن میں پاکستانی امریکن کمیونٹی سے رابطہ

نیویارک کے بعد قیصر احمد شیخ نے امریکی کاروباری اور پاکستانی امریکن حلقوں سے براہ راست رابطے کیے۔

ہیوسٹن میں پاکستانی امریکن کانگریس کے صدر ڈاکٹر اشرف عباسی نے ان کے اعزاز میں خصوصی عشائیہ دیا، جس میں پاکستانی کمیونٹی کے رہنماؤں، کاروباری شخصیات اور پروفیشنلز نے شرکت کی۔ پاکستان کے قونصل جنرل آفتاب چوہدری بھی تقریب میں موجود تھے۔

تقریب میں پاکستان امریکہ تعلقات، سرمایہ کاری، اقتصادی تعاون اور اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل پر گفتگو ہوئی۔ امریکی کانگریس مین ال گرین اور ٹیکساس اسٹیٹ ریپریزنٹیٹو ڈاکٹر سلیمان لالانی کی جانب سے قیصر احمد شیخ کو تعریفی اسناد بھی پیش کی گئیں۔



قیصر احمد شیخ نے پاکستانی امریکن کمیونٹی کے سامنے پاکستان میں سرمایہ کاری کے مختلف مواقع اجاگر کیے، جن میں آئی ٹی، زراعت، فوڈ پروسیسنگ، ٹیکسٹائل، ویلیو ایڈڈ مینوفیکچرنگ، آٹوموبائل، لاجسٹکس، سیاحت، ہاسپٹیلٹی اور دیگر مختلف شعبے شامل ہیں۔

واشنگٹن میں امریکی کاروباری حلقوں سے رابطے

ہیوسٹن کے بعد قیصر احمد شیخ کی سرگرمیوں کا سلسلہ واشنگٹن تک پہنچا، جہاں امریکی بڑی کمپنیوں اور تھنک ٹینکس کے نمائندوں سے اعلیٰ سطحی رابطے ہوئے۔

ان ملاقاتوں میں پاکستان میں سرمایہ کاری کے امکانات، کاروباری روابط اور امریکی سرمایہ کو پاکستان کی طرف راغب کرنے کے امکانات پر بات ہوئی۔

یوں دورے کی مجموعی تصویر واضح ہوتی ہے: نیویارک میں عالمی اقتصادی فورم، اقوام متحدہ ...

احمد شیخ نے امریکہ کے اس دورے کے تمام اخراجات اپنی ذاتی جیب سے برداشت کیے۔ عام طور پر سرکاری دوروں کے سفری اور دیگر اخراجات ریاستی وسائل سے برداشت کیے جاتے ہیں۔ ایسے میں ایک وفاقی وزیر کا اپنے دورے کے اخراجات خود برداشت کرنا قابل ذکر پہلو ہے، خصوصاً جب وہ دورہ پاکستان کے سرمایہ کاری اور معاشی مفادات کو اجاگر کرنے کے لیے ہو۔

قیصر احمد شیخ نے اپنے منصب کی ذمہ داری کو صرف وزارت کے دفتر تک محدود رکھنے کے بجائے عالمی فورمز، سفارتی حلقوں، کاروباری شخصیات اور پاکستانی امریکن کمیونٹی تک لے جانے کی کوشش کی۔ ذاتی وسائل استعمال ہوئے، لیکن مقصد قومی مفاد سے جڑا ہوا تھا۔

مشکل معاشی ماحول میں اعتماد کی کوشش

پاکستان کے موجودہ معاشی حالات میں عالمی سرمایہ کاروں کو راغب کرنا آسان کام نہیں۔ سرمایہ کار کاروباری ماحول، قوانین، پالیسیوں، سہولت کاری اور مستقبل کے امکانات کو دیکھتے ہیں۔

ایسے ماحول میں وزیر سرمایہ کاری کی ذمہ داری صرف پاکستان میں موجود مواقع بیان کرنا نہیں بلکہ عالمی سرمایہ کاروں کو یہ اعتماد ...

راستے کھولتے ہیں، مذاکرات شراکت داریوں کی بنیاد بنتے ہیں اور پھر سرمایہ کاری کے فیصلے سامنے آتے ہیں۔

اس لیے قیصر احمد شیخ کے دورہ امریکہ کو بھی ایک مسلسل معاشی عمل کے طور پر دیکھنا چاہیے۔

ایک طرف عالمی اقتصادی فورم پر پاکستان کی ریگولیٹری اصلاحات اور سرمایہ کاری کے امکانات پیش کیے گئے، دوسری طرف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں پاکستانی وفد کے ساتھ شرکت ہوئی، پھر امریکی کاروباری حلقوں اور پاکستانی امریکن کمیونٹی سے براہ راست رابطے کیے گئے۔

اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اس سفر کے اخراجات اپنی جیب سے برداشت کر کے وفاقی وزیر نے اپنی ذمہ داری کو ذاتی وقت، محنت اور وسائل کے ساتھ آگے بڑھانے کی کوشش کی۔

پاکستان کو آج ایسے ہی مسلسل معاشی رابطوں کی ضرورت ہے۔ دنیا کو یہ بتانا ہوگا کہ پاکستان صرف معاشی مشکلات کا نام نہیں؛ یہاں کاروبار، صنعت، ٹیکنالوجی، برآمدات، نوجوان افرادی قوت اور سرمایہ کاری کے وسیع امکانات بھی موجود ہیں۔

قیصر احمد شیخ کا دورہ امریکہ اسی پیغام کو دنیا تک پہنچانے کی ایک کوشش کے طور پر سامنے آتا ہے۔

اب ضرورت اس امر کی ہے کہ امریکہ میں قائم ہونے والے ان رابطوں کو عملی سرمایہ کاری، کاروباری شراکت داری، روزگار اور برآمدی مواقع میں تبدیل کرنے کے لیے اسی رفتار سے اگلا مرحلہ شروع کیا جائے۔

کیونکہ سرمایہ کاری ایک ملاقات سے نہیں آتی؛ اعتماد، تسلسل اور نتیجہ خیز رابطوں کے مسلسل عمل سے آتی ہے۔

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں اجتماعی دفاع کی نئی قوت

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے نے خطے کی سلامتی کے حوالے سے ایک نئے باب کا آغاز کیا ہے۔ 7 اگست 2026ء کو مکہ مکرمہ میں طے پانے والے اس معاہدے کو تینوں ممالک ...

تجزیہ بی این پی

مکہ دفاعی معاہدے میں اہم پیش رفت، سیکرٹریٹ کے قیام کا فیصلہ

اجلاس میں سمندری راستوں کے تحفظ، علاقائی سلامتی اور دفاعی تعاون سے متعلق امور کو اہمیت دی گئی

مودی راج میں غیر محفوظ تعلیمی ادارے سیاست کی نذر، بی جے پی اور آر ایس ایس کے خلاف طلبہ سراپا احتجاج

ستیہ جیت رے فلم اینڈ ٹیلی ویژن انسٹی ٹیوٹ میں 27 ستمبر کو آر ایس ایس کے حملے میں 8 طلبہ شدید زخمی ہوئے، رپورٹ

قطری وزیراعظم نے نیتن یاہو کو جنگی مجرم قرار دے دیا

عبدالرحمٰن الثانی نے حماس کے عسکری آپریشنز کی مالی معاونت کے الزامات مسترد کر دیے

ایران کی صورتحال بہت خراب ہے، نہیں معلوم وہ ابھی ہتھیار ڈالے یا نہیں، ٹرمپ

ہمیں معنوی ذہانت کے میدان میں نمایاں برتری حاصل ہے اور ہم اسے برقرار رکھنا چاہتے ہیں، امریکی صدر

امریکا، فوجی اکیڈمیوں میں سویلینز کی بھرتی روکنے کا اعلان

امریکی جنگی جہاز ہرمز کے داخلی حصے اور خلیج فارس سے 500 کلومیٹر پیچھے چلے گئے، پاسداران

خلیج فارس میں فعال امریکا کے پانچوں بحری بیڑے کی کوئی چھوٹی کشتی بھی خلیج فارس میں نہیں ہے، جنرل

درآمدی پرانی گاڑیوں کی جانچ، وفاقی کابینہ کے اجلاس کی تفصیلات طلب

کراچی میں دودھ کی قیمت میں 60 روپے اضافے کا مطالبہ

نوٹیفکیشن جاری نہ ہوا تو دودھ کی قیمت از خود 300 روپے فی لیٹر مقرر کرنے کی دھمکی

ریسکیو 1122 ملازمین کی تنخواہوں میں 7 فیصد اضافے کی منظوری

کنٹریکٹ ملازمین کی ملازمت میں ایک سال کی توسیع، شہداء پیکیج کیلئے 3 کروڑ روپے منظور

کراچی چیمبر انتخابات میں بی ایم جی کی کامیابی پر مبارکباد

نکاسی آب اسکیم جلد مکمل کی جائے، معیار پر سمجھوتہ نہ کیا جائے، ڈپٹی ڈائریکٹر نقیب سندھ

پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے آمریت کے بدترین دور میں بھی جمہوریت کی شمع روشن رکھی، راجہ حمید اقبال

چلڈرن اسپتال نارتھ کراچی کے 500 سے زائد ملازمین کے روزگار کے تحفظ کا مطالبہ

ملازمین کو فارغ کرنے سے مریض بچوں کے علاج کا تسلسل متاثر ہونے کا خدشہ

"تنازعہ کشمیر سے متعلق موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے"، امریکہ کی پاکستان کو یقین دہانی

اسلام آباد نے واشنگٹن سے وضاحت طلب کی تھی کیا بھارت میں امریکی سفیر کے بیانات کسی پالیسی تبدیلی کا اشارہ ہیں

بھارتی فورسز نے بڈگام میں ایک نوجوان کو جعلی مقابلے میں شہید کر دیا

نیلم، معیار سے ناقص TPC دلوپر کھے والے استعمال شدہ آئل کی بار بار فروخت

کراچی ویسٹ ڈسٹرکٹ ہاکس کو بلوچستان لیے شرمناک

مقبوضہ کشمیر، کشمیری نوجوانوں کو جعلی مقابلوں میں قتل بھارتی فورسز کا معمول

بھارتی فوج کی ڈرامہ بازی، جعلی مقابلے میں "موسیٰ" نامی کشمیری نوجوان کا بار بار قتل

فائر سیفٹی آڈٹ کا فیصلہ، نجی اداروں سمیت سکولز، ہسپتالوں، ہوٹلز اور پٹرول پمپس کی چیکنگ ہوگی

حکومت آزاد کشمیر کا عوامی تحفظ اور آتشزدگی کے ممکنہ واقعات سے بچنے کے لیے اقدامات کو یقینی بنانے کا فیصلہ

ڈیزاسٹر منیجمنٹ ہفتہ کیم تا 7 اکتوبر، 18 اکتوبر کو شہدائے زلزلہ کی برسی پر خصوصی تقریبات کا اعلان

ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی صلاحیت کو بڑھانے کے لیے ڈیزاسٹر منیجمنٹ ہفتہ منانے کی تیاریاں شروع کر دی گئیں

Scanned with CamScanner

بقیہ نمبر 1

کے درمیان طے پانے والے نئی دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کے لیے دستیاب ہوں گی۔ انہوں نے بتایا کہ میں تفصیل میں نہیں جاؤں گا لیکن جب میں یہ کہتا ہوں کہ اس معاہدے کے تحت سعودی عرب کے دفاع کے پابند ہیں تو اس کا مطلب ہے جو وسائل ہمارے پاس موجود ہیں وہ سب سعودی عرب کے لیے دستیاب ہوں گے اور یہ واضح بیان ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ انہوں نے حوثیوں کے خلاف کیے گئے حملوں میں پاکستان کے شامل ہونے سے متعلق واضح تصدیق نہیں کی اور نہ ہی یہ بتایا کہ سعودی عرب کی جانب سے کسی قسم کی مدد کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ حوثیوں نے سعودی عرب پر میزائل اور ڈرون حملے کیے ہیں اور یمن میں بحیرہ احمر کے ساحل تک اپنا کنٹرول وسیع کر دیا ہے۔ انٹرویو میں خواجہ آصف نے حوثیوں کو جارح قرار دیا اور کہا کہ پاکستان کے سعودی کو مدد فراہم کرنے کے عزم میں کوئی ابہام نہیں ہے، سعودی عرب کا کوئی بھی دشمن پاکستان کا دشمن ہے، یہ بات بالکل واضح ہونی چاہیے۔ خواجہ آصف نے سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان طے پانے والے دفاعی معاہدے کے حوالے سے بتایا کہ یہ معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے اور یہ اتحاد کسی مخصوص ملک کے خلاف نہیں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تینوں ممالک سیکرٹریٹ قائم کر رہے ہیں اور اتحاد کا فریم ورک تیار ہو رہا ہے جبکہ تینوں ممالک کے درمیان طے پانے والے اس معاہدے کی تفصیلات تاحال جاری نہیں کی گئی ہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ دیگر ممالک نے بھی اس اتحاد میں شامل ہونے کے لیے دلچسپی کا اظہار کیا ہے لیکن فوری طور پر اس اتحاد میں توسیع کا منصوبہ نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 2

نافذ کرنے والے اداروں کے تعاون سے اسمگل شدہ اشیاء کی بھاری مقدار قبضے میں لے لی، جن کی مجموعی مالیت، ضبط شدہ گاڑیوں سمیت، 15 کروڑ 40 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے۔ انٹیلی جنس بیورو (آئی بی) حب کے ساتھ مشترکہ کارروائی کے دوران فیلڈ انفورسمنٹ یونٹ کنڑ کیرا نے لسبیلہ کے علاقے میں دو مسافر بسوں کو روک کر تلاشی لی۔ تفصیلی تلاشی کے دوران غیر ملکی ساختہ چھالیہ، کاسمیٹکس، سگریٹ، انڈین گٹکا اور پیراشوٹ کپڑے کی بھاری مقدار برآمد ہوئی۔ اسمگل شدہ اشیاء کو بسوں میں خصوصی طور پر بنائے گئے خفیہ خانوں میں چھپایا گیا تھا۔ ضبط شدہ سامان اور بسوں کی مجموعی مالیت 13 کروڑ روپے سے زائد تخمینہ کی گئی ہے۔ ایک علیحدہ کارروائی میں موبائل انفورسمنٹ یونٹ حب نے حب کے علاقے میں ایک گودام پر چھاپہ مارا، جہاں سے پلاسٹک شاپر بیگز اور سکمڈ ملک پاؤڈر کی بھاری مقدار برآمد ہوئی جن کی مجموعی مالیت تقریباً 2 کروڑ روپے ہے۔ ضبط شدہ سامان کو مقررہ طریقہ کار کے مطابق بعد ازاں اسٹیٹ ویئر ہاؤس، گڈانی منتقل کر کے جمع کرا دیا گیا۔ دریں اثنا فیلڈ انفورسمنٹ یونٹ گڈانی نے کوسٹل ہائی وے پر سخت چیکنگ کے دوران 750 کلوگرام اسمگل شدہ ایرانی خوردنی تیل قبضے میں لے لیا، جو 5 کلوگرام فی ٹن کے حساب سے 150 بجر میں پیک تھا۔ ضبط شدہ سامان کی مالیت تقریباً 40 لاکھ روپے تخمینہ کی گئی ہے۔ پاکستان کسٹمز نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ اسمگل شدہ اشیاء کی غیر قانونی نقل و حرکت کو روکنے، قانونی تجارت کے تحفظ اور قومی معیشت کے مفادات کے تحفظ کے لیے خطے میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر اور دیگر اداروں کے ساتھ مربوط انسداد اسمگلنگ کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 3

جنوری سے 7 فروری تک بسنت منائی جائے گی۔ 5 فروری کو کشمیر ڈے منانے کے لیے ایک روز بسنت جشن کا ناغہ ہوگا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پوری دنیا میں 10 روزہ بسنت پنجاب کے تہذیبی رنگ اور لاہور کی قدیم تاریخی روایت کے فروغ کا باعث بنے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ گزشتہ بسنت سے بھی بڑھ کر شہریوں کی حفاظت اور سہولت کے بہتر اقدامات کئے جائیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے عوام سے اپیل کی ہے کہ انسانی جان کی حفاظت یقینی بنانے کے لیے فرض شناسی، ذمہ داری اور احساس کے ساتھ گزشتہ بسنت کی طرح ایک ہی مثال قائم کریں۔

بقیہ نمبر 4

قاعدگی سے کسی فریق کو حقیقی نقصان پہنچا یا انصاف کی ناکامی ہوئی۔ عدالت نے ملزمان کی بریت کے خلاف اپیل خارج کر دی۔ جسٹس محمد جواد ظفر نے فہد انور کی اپیل پر فیصلہ جاری کیا، جس میں مجسٹریٹ سیکشن 30 ماڈل ٹاؤن کورٹس لاہور کی جانب سے دو ملزمان کی بریت کو چیلنج کیا گیا تھا۔ لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ چارج فریم کیے بغیر استغاثہ کی شہادت ریکارڈ کرنا مقررہ قانونی طریقہ کار کے خلاف ہے تاہم موجودہ مقدمے میں ملزمان پورے ٹرائل کے دوران عدالت میں موجود رہے اور ان کے وکلا نے گواہوں پر جرح بھی کی۔ عدالت کے مطابق یہ ثابت نہیں ہوسکا کہ چارج دیر سے فریم ہونے کے باعث ملزمان کو کوئی حقیقی نقصان پہنچا، اسی طرح استغاثہ بھی یہ ثابت کرنے میں ناکام رہا کہ اس بے قاعدگی کے نتیجے میں کوئی اہم شہادت ریکارڈ نہ ہوسکی یا کسی گواہ کو دوبارہ طلب کرنا ضروری تھا۔ فیصلے میں قرار دیا گیا کہ صرف اس بے قاعدگی کی بنیاد پر ڈی نوو ٹرائل کا حکم دینا استغاثہ کو اپنی خامیاں دور کرنے کا دوسرا موقع دینے کے مترادف ہوگا۔ جسٹس محمد جواد ظفر نے فیصلے میں کہا کہ درخواست گزار عینی شاہد نہیں تھا جبکہ دیگر شواہد میں بھی تضادات موجود تھے، مبینہ آلہ جرم بھی برآمد نہیں ہوا، آزاد گواہوں کو عدالت میں پیش نہیں کیا گیا اور تعزیرات پاکستان کی دفعہ 506 کے تحت مجرمانہ دھمکی کے الزامات بھی مطلوبہ معیار کے مطابق ثابت نہیں

ہوسکے۔ لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ استغاثہ ملزمان کا جرم شک سے بالاتر ثابت کرنے میں ناکام رہا جبکہ ٹرائل کورٹ کا بریت کا فیصلہ دستیاب شواہد کی مناسب جانچ پر مبنی تھا۔ عدالت نے چارج دیر سے فریم ہونے کے باوجود ڈی نوو ٹرائل کی درخواست مسترد کرتے ہوئے فہد انور کی جانب سے دائر بریت کے خلاف اپیل خارج کر دی۔

بقیہ نمبر 5

37 ہزار 685 روپے کے مجموعی جرمانے عائد کیے گئے، 73 مقدمات درج کیے گئے جبکہ 341 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ اس کے علاوہ قانون ورزی پر 25 کاروباری مراکز بھی سیل کر دیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ اوور چارجنگ کے خلاف کارروائیوں کے دوران گراں فروشی کے 21 ہزار 158 کیسز سامنے آئے جبکہ مقررہ نرخ نامے آویزاں نہ کرنے پر 1,846 خلاف ورزیاں رپورٹ ہوئیں۔ ڈاکٹر کرن خورشید نے مزید بتایا کہ روٹی کی مقررہ قیمت سے زائد وصولی پر 5,198 اوور چارجنگ کیسز رپورٹ ہوئے اور 5 لاکھ 77 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اسی طرح مرغی کے گوشت کی گرانفروشی پر 1,607 اوور چارجنگ کیسز سامنے آئے جن پر کارروائی کرتے ہوئے 20 ایف آئی آرز درج کی گئیں اور 56 گرفتاریاں کی گئیں۔ سیکرٹری فوڈ سیفٹی کے مطابق آٹے کے تھیلے کی قیمت سے زائد وصولی پر 579 کیسز پر کارروائی کرتے ہوئے 16 افراد کو گرفتار کرلیا گیا اور 1 لاکھ 9 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے چینی کی مقررہ قیمت سے زائد وصولی پر 692 خلاف ورزیوں پر 1 لاکھ 55 ہزار 500 روپے جرمانہ عائد کیا گیا اور ٹماٹر کی زائد قیمت وصول کرنے پر 836 اوور چارجنگ کیسز رپورٹ ہوئے جن پر کارروائی کرتے ہوئے 17 افراد گرفتار جبکہ 85 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔ سیکرٹری فوڈ سیفٹی ڈاکٹر کرن خورشید نے کہا کہ پنجاب بھر میں عام آدمی کو سستی اور معیار کے مطابق اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے نگرانی کا یہ سلسلہ بلاتعطل جاری رہے گا اور گرانفروشوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ نمبر 6

شہری مدد کیلئے پکارتے رہے، تاہم ان کی مدد کیلئے کوئی موثر عملی اقدام نہیں کیا گیا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ شہداء کی میتیں فوری طور پر وطن لائی جائیں، زخمی پاکستانیوں کو مناسب طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور جہاز پر موجود دیگر پاکستانیوں کو بحفاظت وطن واپس لانے کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں۔ حافظ کاظم عباس نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی مکمل تحقیقات کرائی جائیں اور پاکستانی شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے موثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔

بقیہ نمبر 7

کے تحت ایمرجنسی نفاذ پر غور کیا جارہا ہے، ایمرجنسی کے نفاذ کی صورت میں پیپلز پارٹی حکومت سے تعاون کرے گی، ایمرجنسی نفاذ کے لیے جو بھی سیاسی نقصان اٹھانا پڑے ہم اس کیلئے تیار ہیں۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر نے کہا خیبر پختونخوا میں دہشتگردی میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے، عوام اور امن وامان قائم کرنے والے اہلکار شہید ہورہے ہیں، کے پی حکومت صوبے میں امن وامان کی صورتحال پر قابو پانے میں ناکام ہوئی ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا دہشتگردی بلوچستان میں بھی ہے لیکن وہاں کے وزیراعلیٰ روک تھام کیلئے اقدامات کررہے ہیں، کے پی حکومت دہشتگردی کی روک تھام کے سلسلے میں وفاقی حکومت کی راہ میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر 8

273 ارب روپے سے زائد کی رقم فراہم کی جاچکی ہے۔ پروگرام کے تحت 1 لاکھ 22 ہزار گھر مکمل ہوچکے ہیں جبکہ 57 ہزار 500 گھر زیر تعمیر ہیں، جنہیں رواں سال ہی مکمل کیا جائے گا۔ وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے کہا کہ اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے پورٹل پر درخواست گزاروں کی تعداد 16 لاکھ سے تجاوز کرچکی ہے۔ رواں سال 3 لاکھ سے زائد خاندانوں کو قرضے فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قرض کی رقم منظور ہونے کے بعد درخواست گزار کو صرف میسج کے ذریعے ہی نہیں بلکہ فون کال کے ذریعے بھی اطلاع دی جائے گی تاکہ مستحق خاندانوں کو بروقت معلومات اور سہولت فراہم کی جاسکے۔ بلال یاسین نے کہا کہ خوابوں کو حقیقت بنتے دیکھنے والے ہزاروں خاندانوں کی دعاؤں سے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کو عالمی سطح پر پذیرائی مل رہی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا تھا کہ ہم سیاست نہیں بلکہ خدمت کی نیت سے آئے ہیں، آج دنیا اس پروگرام کی کامیابی دیکھ رہی ہے۔ وزیر ہاؤسنگ نے کہا کہ انشاء اللہ پنجاب کے ہر ضلع میں گھروں کی تعمیر عوامی خدمت کی نشانی ہوگی اور اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے ثمرات زیادہ سے زیادہ مستحق خاندانوں تک پہنچائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 9

ہوگا، ایمرجنسی کے نام پر عوام کے بنیادی، آئینی اور جمہوری حقوق سلب نہیں کیے جاسکتے۔ ایک انٹرویو میں ایمل ولی خان نے کہا گورنر راج یا ایمرجنسی سے خیبر پختونخوا کے حالات مزید خراب ہوں گے، خیبر پختونخوا کو اس صورتحال تک پہنچانے والوں اور پالیسیوں کا احتساب ہونا چاہیے، سزا ان کو ملنی چاہیے جنہوں نے 13 سال سے پختونخوا پر یہ ٹولہ مسلط کیا ہے۔ اے این پی کے مرکزی صدر ایمل ولی خان نے کہا کہ ذمہ داری ایک دوسرے پر ڈال کر صوبے کے عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش ہورہی ہے، عوام کے تحفظ میں ناکامی پر کسی ایک فریق کو بری الذمہ قرار نہیں دیا جاسکتا، گزشتہ انتخابات میں دھاندلی صرف خیبر پختونخوا نہیں پورے ملک میں ہوئی۔

بقیہ نمبر 10

سال کل ریونیو میں اضافے کے لیے مقرر کردہ ہدف کامیابی سے حاصل کرلیا ہے اور اب جہاں سے ریونیو آرہا ہے وہاں نئی سڑکوں کی تعمیر خود این ایچ اے کرے گا۔

بقیہ نمبر 11

اقلیتی سہولت ڈیسک کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ اقلیتی برادری سے متعلق موصول ہونے والی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر میرٹ کے مطابق حل کیا جائے اور ان کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس میں اقلیتی سہولت ڈیسک کی کارکردگی مزید بہتر بنانے اور شکایات کے فوری ازالے پر بھی زور دیا گیا

بقیہ نمبر 12

کی ذیلی کمیٹی کی ہدایت کی روشنی میں عوام کو مزار کے پوڈیم تک جانے کی اجازت دینے کی تجویز کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ اس مقصد کیلئے ڈپٹی کمشنر شرقی نصر اللہ عباسی کی سربراہی میں جائزہ کمیٹی قائم کردی گئی، جس میں ایس ایس پی شرقی زبیر نذیر شیخ، پاکستان رینجرز، مزار قائد مینجمنٹ بورڈ اور متعلقہ اداروں کے نمائندے شامل ہوں گے۔ کمیٹی کو 2 ہفتوں میں اپنی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اجلاس میں مزار قائد کے سیکیورٹی انتظامات اور عام افراد کے داخلے کے طریقہ کار کو مزید جامع اور جدید بنانے پر بھی غور کیا گیا۔ کمشنر کراچی نے ہدایت کی کہ مزار کے داخلی دروازوں پر سیکیورٹی مزید موثر بنائی جائے اور واچ ٹاورز کو فعال رکھا جائے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ مزار قائد کے مرکزی دروازے پر واک تھرو گیٹس، میٹل ڈیٹیکٹرز اور 173 سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے نگرانی کی جارہی ہے۔ میوزیم میں داخلے کیلئے 30 روپے ٹکٹ مقرر ہے، جبکہ پارک میں عمومی داخلہ مفت ہے۔ سیکیورٹی کیلئے 24 گھنٹے کی شفٹوں میں 68 اہلکار تعینات ہیں۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر شرقی، ایس ایس پی شرقی، پاکستان رینجرز، سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ، کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن، بلدیہ عظمیٰ کراچی اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ مزار قائد مینجمنٹ بورڈ کے نمائندے عبدالعلیم شیخ نے عام افراد کے داخلے کی پالیسی اور سیکیورٹی انتظامات پر بریفنگ دی

بقیہ نمبر 13

ہوئے 38 منشیات کے عادی اور پیشہ ور گداگروں کو حراست میں لے لیا۔ گرفتار افراد کو بحالی اور دیکھ بھال کیلئے ایدھی ہوم منتقل کردیا گیا۔ کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے کہا کہ پیشہ ور گداگر اور منشیات کے عادی افراد شہریوں کیلئے ہراسانی کا باعث بنتے ہیں۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ اپنے اپنے علاقوں میں پیشہ ور گداگروں اور منشیات کے عادی افراد کی روک تھام کے ساتھ ان کی بحالی کیلئے بھی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ گداگری کے خاتمے اور منشیات کے عادی افراد کی بحالی کیلئے انتظامیہ کی کوششیں جاری رہیں گی

بقیہ نمبر 14

سکول میں فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں بھی معلومات حاصل کیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان نے سکول گراؤنڈز میں پودا بھی لگایا اور شجرکاری کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ درخت ہماری آنے والی نسلوں کے محفوظ اور صحت مند مستقبل کی ضمانت ہیں۔ انہوں نے طلباء اور اساتذہ پر زور دیا کہ وہ شجرکاری کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ لگائے گئے پودوں کی دیکھ بھال کو بھی یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ بچوں کو معیاری تعلیم اور بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ تعلیمی اداروں میں طلبا کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں تاکہ بچے سازگار ماحول میں اپنی تعلیم جاری رکھتے ہوئے ملک و قوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔ تقریب کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان نے سکول کے اساتذہ اور انتظامیہ سے بھی ملاقات کی اور تعلیمی سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ لی۔ اس موقع پر سکول کے اساتذہ، طلبا اور دیگر متعلقہ افراد بھی موجود تھے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نارووال نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول لوتار کا دورہ بھی کیا۔ صفائی ستھرائی، لینڈ سکیپنگ اور معیاری تعلیم کے بہترین انتظامات کی بابت سکول انتظامیہ کو شاباش دی اور سکول میں تعلیمی سرگرمیوں پر خصوصی توجہ دینے اور رزلٹس کو مزید بہتر بنانے بارے تلقین کی

بقیہ نمبر 15

متعلق کی تاریخی، قانونی و تذویراتی پہلو پر خصوصی رپورٹ کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ انسٹیٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز کی جانب سے رپورٹ کا اجرا لائق تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ بطور پاکستانی ہمیں فخر ہے کہ ہمارا تعلق سندھ طاس کی قدیم تہذیب سے ہے، طے شدہ معاہدے پر عمل درآمد متعلقہ فریقین کے لیے لازمی ہے اور بین الاقوامی معاہدوں کو یکطرفہ طور پر معطل یا ختم نہیں کیا جاسکتا اس لیے عالمی ثالثی عدالت بھی پاکستان کے موقف کے حق میں فیصلہ دے چکی ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ پاکستان نے سندھ طاس معاہدے سے متعلق اپنا موقف سفارتی سطح پر اٹھایا، سندھ طاس معاہدے کو نہ معطل کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی التوا میں رکھا جاسکتا ہے، ہم نے عالمی برادری کو سندھ طاس معاہدے پر اپنے قانونی موقف سے آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم نے اقوام متحدہ میں واضح کیا کہ ہمارا پانی روکنا جنگی اقدام تصور ہوگا، پانی پاکستان کے عوام کی زندگی، زراعت اور معیشت سے براہ راست جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہزاروں جانوں کی قربانی

دے چکا ہے اور اربوں ڈالر کا نقصان برداشت کرچکا ہے، ہمارا مشرقی ہمسایہ ہم پر سرحد پار مداخلت کے بے بنیاد الزامات عائد کرتا ہے اور بے بنیاد الزامات کی بنیاد پر سندھ طاس معاہدے کو التوا میں رکھنے کا اعلان کیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کو معطل یا التوا میں رکھنے کے خلاف عالمی عدالتیں واضح فیصلہ دے چکی ہیں، ہم امن چاہتے ہیں تاہم پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے نہیں دے سکتے۔ تقریب میں مسلم لیگی رہنما سابق وفاقی وزیر خرم دستگیر خان اور آبی ماہرین بھی شریک تھے۔

بقیہ نمبر 16

عہدیداروں، ذیلی تنظیموں کو ہدایت کی گئی کہ لانگ مارچ کی مکمل تیاری کریں جبکہ اس حوالے سے مختلف کمیٹیاں بھی تشکیل دے دی گئی ہیں۔ پی ٹی آئی ذرائع کے مطابق 2 اکتوبر کو لانگ مارچ کا شیڈول جاری کیا جائیگا جبکہ وزیراعلیٰ کی سربراہی میں قافلہ پشاور سے روانہ ہوگا اور صوابی میں پڑاؤ کرے گا جہاں سے اگلے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے ہدایت کی کہ لانگ مارچ پرامن ہوگا، کارکن اور ارکان اسمبلی دو ہاتھ اور دو پاؤں لیکر جائیں گے، غلیلیں، ڈنڈے اور بندوقیں لے کر نہیں جائیں گے جو اشتعال پیدا کرنے کی کوشش کریں انہیں پکڑ کر پولیس کے حوالے کیا جائے گا۔ چار اکتوبر کو لانگ مارچ کے حوالے سے تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی، ڈویژنل تنظیموں، عہدیداروں کا اجلاس وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی صدارت میں ہوا اجلاس میں سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں لانگ کے حوالے سے مختلف تجاویز زیر غور آئیں وزیراعلیٰ کو جنوبی اضلاع سے بھی مارچ شروع کرنے کی تجویز دی۔ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ حتمی شیڈول دو اکتوبر کو دیا جائے گا، اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پشاور سے قافلہ روانہ ہوگا جس کا پہلا پڑاؤ نوشہرہ جبکہ اس کے بعد دوسرا پڑاؤ صوابی میں ہوگا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے اپنی صفوں میں موجود بعض عناصر سے متعلق شکوہ کرتے ہوئے کہا کہ ہماری صفوں میں میر جعفر اور میر صادق موجود ہیں۔ ذرائع کے مطابق پارلیمانی پارٹی اجلاس میں 4 اکتوبر کے لانگ مارچ کے حوالے سے ارکان اسمبلی کو ذمہ داریاں اور آئندہ کے لائحہ عمل سے بھی آگاہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے پی آر آئی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس بار ہر وہ پالیسی تبدیل ہوگی جس سے صوبے کو نقصان پہنچے اگر ضرورت پڑی تو بغاوت کریں گے مگر ایسی پالیسی قبول نہیں کریں گے، 4 اکتوبر کو پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا مارچ ہوگا، یہ عہدے اور کرسی اس کے لئے معنی رکھتی ہے جس کے اپنے مفادات ہوں ہم ڈر کر پیچھے ہٹنے والے نہیں۔

بقیہ نمبر 17

حکومت کا اختیار دیے بھی چھین لیا گیا ہے، گورنر راج لگائیں کوئی پریشانی نہیں، صوبے میں پولیس بے بس ہے، احکامات کہیں اور سے آرہے ہیں، خیبر پختونخوا میں عملاً گورنر راج قائم ہے۔ اسد نے کہا کہ ہمارے اراکین اسمبلی اور وزرا کو اٹھایا جارہا ہے، ملک میں آئین و قانون کو نظر انداز کیا جارہا ہے، بانی پی ٹی آئی کو تمام بنیادی انسانی حقوق سے محروم رکھا گیا ہے، ملک میں شفاف انتخابات کرائے جائیں۔

بقیہ نمبر 18

مجسٹریٹ اظہر محمود کی عدالت میں کیس میں نامزد ملزمہ مسکان کو سخت سکیورٹی میں پیش کیا گیا۔

بقیہ نمبر 19

اور ڈی آئی خان میں دہشت گردی کے بڑے واقعات ہوئے۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر عطا تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی سیاسی طور پر بہت کمزور ہوچکی ہے، مجھے نہیں لگتا سہیل آفریدی سیاسی طور پر اتنے طاقتور ہیں کہ لانگ مارچ کرسکیں۔ عطا تارڑ نے کہا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ سیاست کو ترک کر کے وہاں جائے جہاں لاشیں گررہی ہیں، سیاست ہوتی رہے گی لوگوں کو دہشتگردی سے چھٹکارا دلائیں، تحری ایم پی او کے تحت نظر بندی قانون کے مطابق ہے۔

بقیہ نمبر 20

اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں حافظ کاظم عباس نے شہید پاکستانیوں کاشف عمر، محمود انصاری اور رفیع اللہ خان کے انتقال پر تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ یہ سانحہ حکومت کی نااہلی اور مجرمانہ خاموشی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کئی ماہ سے جہاز پر موجود پاکستانی شہری مدد کیلئے پکارتے رہے، تاہم ان کی مدد کیلئے کوئی موثر عملی اقدام نہیں کیا گیا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ شہداء کی میتیں فوری طور پر وطن لائی جائیں، زخمی پاکستانیوں کو مناسب طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور جہاز پر موجود دیگر پاکستانیوں کو بحفاظت وطن واپس لانے کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں۔ حافظ کاظم عباس نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی مکمل تحقیقات کرائی جائیں اور پاکستانی شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے موثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔

بقیہ نمبر 21

انہوں نے کہا کہ سرکاری محکموں میں قائم انٹی ہراسمنٹ کمیٹیوں کے اراکین کی استعداد کار (Capacity Building) میں اضافہ کرنے کے لئے تربیتی سیشنز منعقد کیے جارہے ہیں تاکہ کمیٹی کے ممبران کو ہراسانی کے کیسز کی شفاف انکوائری کرنے، قانونی تقاضوں کو سمجھنے اور تفتیش کے درست طریقہ کار پر عمل کرنے کی تربیت دی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ کام کی جگہوں پر خواتین کو محفوظ ماحول کی فراہمی اور انصاف کی فوری رسائی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کامیاب تربیتی سیشن کے انعقاد پر ریجنل ڈائریکٹر پروفیسر خالد حسن کی کاوشوں کو سراہا۔ اس موقع پر انٹی ہراسمنٹ کمیٹیز کے ارکان کے بعض سوالوں کے

جوابات بھی دیے گئے۔

بقیہ نمبر 22

نعرے لگانے والے کی درخواست ضمانت مسترد کر دی ہے۔ سیشن کورٹ کے سینئر جج خورشید احمد نے ملزم کو جوڈیشل کرنے کا حکم دیا۔ ملزم کو پولیس نے گزشتہ روز پولو گراؤنڈ سے سیاسی نعرے لگانے پر گرفتار کیا تھا۔

بقیہ نمبر 23

مرکز علی المرتضیٰ امین پور بنگلہ میں سالانہ سیرت سید البشر کانفرنس کے موقع پر حرمین شریفین کے تحفظ کا عزم کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مکہ اور مدینہ مسلمانوں کے نزدیک انتہائی مقدس مقامات ہیں ان کے خلاف کسی قسم کی جارحیت کسی صورت برداشت نہیں۔ حوثی باغی اور ان کے سہولت کار مکہ مدینہ کے ہی نہیں بلکہ مسلمانوں کے بھی دشمن ہیں ہمارے مقدس مقامات کے دشمن ہیں ان کا جہنم واصل ہونا دنیا بھر کے مسلمانوں کی آواز ہے۔ حوثی باغی نہ صرف زمین کے گرے بلکہ مسلمانوں کے مقدس ترین مقامات مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ پر قبضہ کرنے کی گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہیں۔ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان حکومت پاکستان، سعودیہ اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے مکہ معاہدہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کرتی ہے کہ حوثی باغیوں کے خلاف موثر ترین کارروائی کر کے انہیں جہنم واصل کیا جائے۔ مکہ و مدینہ ہی نہیں بلکہ دنیا بھر کو حوثی باغیوں اور ان کے حواریوں کے ناپاک وجود سے پاک کیا جائے۔ علامہ عبدالرشید حجازی کا مزید کہنا تھا کہ ہم اپنے قائد سینیٹر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کی ہدایت پر حرمین شریفین کے تحفظ و دفاع کے لاکھوں افراد جانے کو تیار ہیں۔ کیونکہ مکہ و مدینہ ہمیں اپنی جانوں سے بھی بڑھ کر عزیز ہے اور اس کا دفاع ہمارے لیے اعزاز کی بات ہے۔

بقیہ نمبر 24

کمزور کرنے کیلئے ہر قسم کے ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں اس لیے ایسے عناصر کی کڑی نگرانی کی جائے اور ان کو واردات کرنے سے پہلے ہی ختم کردیا جائے۔ انہوں نے خودکش دھماکے میں شہید ہونے والے اہلکاروں اور عام شہریوں کے درجات کی بلندی کیلئے دعا بھی کی ہے۔

بقیہ نمبر 25

کرامت مسلمہ کے جذبات کی ترجمانی کی جبکہ فلسطین کے حوالے سے آزاد فلسطینی ریاست کے قیام اور القدس الشریف کو اس کا دار الحکومت بنانے کے پاکستانی موقف کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی قربانیوں، افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی اور اسلاموفوبیا کے خاتمے کے لیے بھی عالمی برادری کی توجہ مبذول کرائی جو انتہائی خوش آئند ہے وزیراعظم نے جنگ کے بجائے مذاکرات، سفارت کاری اور امن کو ترجیح دینے کا پیغام دے کر عالمی برادری کے سامنے پاکستان کا مثبت اور اصولی موقف پیش کیا ہے۔

بقیہ نمبر 26

قانون نافذ کرنے والے ادارے اور عام شہری متاثر ہورہے ہیں، دہشتگرد افغانستان سے خیبر پختونخوا میں دراندازی کرتے ہیں، دہشتگردوں کی کوشش ہے لاہور اور کراچی تک پہنچیں، کے پی حکومت امن وامان کے حوالے سے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کر رہی۔ انہوں نے کہا کہ کے پی حکومت وفاق کے دہشتگردی کیخلاف اقدامات میں رکاوٹ ہے، صوبائی حکومت کا بیانیہ وفاقی حکومت کے خلاف ہے، کے پی حکومت نے وفاق کیلئے مزید الجھا، مشکلات کیلئے لانگ مارچ کا اعلان کیا، گورنر راج، ایمرجنسی اور مذاکرات مجبل پر ہیں، ہمارا پی ٹی آئی سے سیاسی سوچ بدلنے اور سیاسی مطالبہ بدلنے کا مطالبہ نہیں ہے، پی ٹی آئی پاکستان کیساتھ کھڑی ہو، دہشتگردی کی مذمت کرے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت دہشتگردی کے خلاف لڑ رہی ہے، بانی کی رہائی کے سوا تحریک انصاف کا کوئی مطالبہ نہیں ہے، بانی پی ٹی آئی کی رہائی عدالتوں سے ہونی ہے، بانی پی ٹی آئی کے علاج میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جارہی، بانی پی ٹی آئی خود اپنے علاج کا انتظام کرتے تو اس سے بہتر نہ کر پاتے۔ پچھلے 2 مہینے سے لانگ مارچ کی تیاری کی جارہی ہے، لانگ مارچ کی تیاری کے سوا کے پی حکومت نے کوئی کام نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی کہتے ہیں پرامن ہیں تو جہاں روکا جائے وہاں رک جائیں، پی ٹی آئی طاقت کا استعمال کرے گی تو ریاست بھی طاقت کا استعمال کرے گی، 4 اکتوبر کو پی ٹی آئی اسلام آباد آئی تو ایمرجنسی لگائی جاسکتی ہے، پی ٹی آئی لانگ مارچ ملتوی کرے، مذاکرات کی بات تو ہو رہی ہے، وزیراعظم نے اپوزیشن لیڈر کو ملاقات کیلئے خط لکھا ہوا ہے، وزیراعظم سے ملاقات کیلئے اپوزیشن لیڈر کے ساتھ بیرسٹر گوہر بھی آجائیں، بیرسٹر گوہر بھی ساتھ ہوں گے تو بہتر ہوگا۔ وزیراعظم کے مشیر نے کہا کہ پی ٹی آئی لانگ مارچ میں مزید تاخیر کرتی ہے تو مختلف آئینی آپشنز کا استعمال کرنا ہوگا، بانی پی ٹی آئی سیاسی جماعتوں کیساتھ بیٹھنے کیلئے بھی تیار نہیں ہوئے، بانی پی ٹی آئی آج بھی مذاکرات کیلئے تیار نہیں، پی ٹی آئی مذاکرات کرے گی تو بانی کی اجازت کے بغیر کرے گی، لانگ مارچ کی آئین اور قانون میں اجازت نہیں، اسلام آباد کے گھیراؤ کی اجازت نہیں دی جائے گی، جس بھی طاقت کا استعمال کرنا ہوا کیا جائے گا، تمام آپشنز پر وزیراعظم کی واپسی پر حتمی فیصلہ ہوگا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ وزیراعظم کی سطح پر میٹنگ ہوگی، احتجاج کرنا ہے تو پشاور اور مردان میں کریں۔ وزیراعظم نے اپوزیشن کو بات چیت کیلئے خط لکھا ہے، آئین و قانون کے مطابق حکومت نہ چلائی جائے تو ذمہ داری وزیراعلیٰ کی بنتی ہے، سہیل آفریدی تمام چیزیں نااہلی والی کررہے ہیں۔

بقیہ نمبر 27

بقیہ نمبر 28

لیے استعمال کرنے کے معاملات کو قانونی دائرے میں رکھنے کے لیے ٹھکانہ اقدامات میں کسی قسم کی نرمی یا تاخیر نہیں ہونی چاہیے۔

کے انتقال پر اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ والدین اپنی اولاد کی تربیت کرکے ان کو معاشرے کی اصلاح کا اعلیٰ نمونہ بنا سکتے ہیں۔ والدین کو چاہیے کہ اولاد کی تربیت پر خصوصی توجہ دیں۔ نسل در نسل اسلام پسندی اور وطن عزیز کی محبت کو منتقل کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ اسلام نے ہی ہمیں والدین اور بڑوں کا ادب کرنا سکھایا۔ اسلام نے حقوق العباد کو پورا کرنے کے لیے واضح الفاظ میں قرآن و احادیث میں ارشاد فرمایا۔ اسلامی تعلیمات میں ہر طبقے کے لیے تمام حقوق میسر ہیں۔ اسلامی احکامات کو فروغ دے کر پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکتا ہے۔ پاکستان سنی تحریک ملک بھر میں اصلاح معاشرہ کے لیے اپنی خدمات سرانجام دے رہی ہے۔ والدین کی عظمت وتقدس کا اعتراف ایمان کا ایک اہم حصہ ہے۔ اس موقع پر انچارج اہلسنت خدمت فاؤنڈیشن حافظ محمد یاسر قادری المدنی بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 29

کے حادثہ کے مرتکب ڈرائیور کی تلاش شروع کردی۔ بتایا جاتا ہے کہ 401 گ ب کا رہائشی خوشی محمد علی الصبح فجر کی نماز کی ادائیگی کیلئے گھر سے نکلا جب روڈ کراس کرنے لگا تو تیز رفتار ٹرک کی ٹکر لگنے سے بری طرح زخمی ہو گیا۔ حادثہ کی اطلاع ملتے ہی لواحقین موقع پر پہنچے تو وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ چکا تھا۔ تاہم پولیس اطلاع کے باوجود موقع پر نہ پہنچنے پر لواحقین نے نعش روڈ پر رکھ کر احتجاج کرتے ہوئے روڈ بلاک کردیا۔ بعدازاں پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعش کو تحویل میں لیکر لواحقین کو انصاف کی یقین دہانی کرواتے ہوئے ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی اور حادثہ کے مرتکب ڈرائیور کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ نمبر 30

عہدیداران وممبران نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا انہوں نے مزید کہا کہ حرمین شریفین کے دفاع کی ذمہ داری پاک فوج اور پاکستان کے لیے ایک اعزاز ہے، عوام اس مقصد کیلئے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی۔ حرمین شریفین کے دفاع کیلئے تمام مسلمان متحد ہیں اور ہم ہر قسم کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ مسلمانوں کے اتحاد کا ذریعہ بنے گا، حرمین شریفین کے دفاع کی ذمہ داری پاک فوج کیلئے بہت بڑا اعزاز ہے۔ سعودی عرب کے ساتھ ہمارا رشتہ ایمان کا ہے، سعودی عرب نے ہر وقت اور ہر مشکل میں مسلمانوں کا ساتھ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خانہ کعبہ کے تقدس کا دفاع ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ دفاعی معاہدے کو سراہتے ہیں کیونکہ یہ معاہدہ امت مسلمہ کے اتحاد کا ذریعہ بن سکتا ہے اور یہ صرف ان تین ممالک کا نہیں بلکہ امت مسلمہ کا دفاعی معاہدہ بنے گا۔

بقیہ نمبر 31

داخل ہوا اور اپنی بہن اور بھانجی پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں دونوں موقع پر ہی جاں بحق ہوگئیں۔ پولیس کے مطابق ملزم کو اپنی بھانجی کی ٹک ٹاک ویڈیو بنانے پر اعتراض تھا۔ دونوں لاشوں کو تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال منتقل کردیا گیا، جبکہ پولیس نے مقدمہ درج کرکے فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ نمبر 32

بھی کی اور ان سے مویشی باہر نکالنے کے بارے میں دریافت کیا۔ اس موقع پر رہائشی افراد نے شہری علاقوں سے مویشیوں کو باہر نکالنے کے اقدام کو سراہا اور کہا کہ مویشیوں کی موجودگی نہ صرف تعفن بلکہ مختلف بیماریوں کے پھیلاؤ کیساتھ ساتھ سیوریج سسٹم کی بندش کا بھی سبب ہے۔ انہوں نے مہم شروع کرنے پر کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 33

کارروائی پر ڈاکٹر ارشاد علی کبوہ نے کہا ہے کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنۃ الخوارج کے خلاف سیکورٹی فورسز کی کارروائی قابل تحسین ہے۔ بلوچستان میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردوں کے خلاف کارروائی امن دشمن عناصر کے لیے واضح پیغام ہے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں دہشت گرد گروہوں کے خاتمے کے لیے قومی عزم کو مزید مضبوط کرنا ہوگا بھارتی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی پاکستان کے امن اور استحکام کے لئے سنگین خطرہ ہے ڈاکٹر ارشاد علی کبوہ نے کہا کہ پاکستان کے عوام اور پاکستان پیپلز پارٹی دہشت گردی کے خلاف سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

بقیہ نمبر 34

، رہائشی عمارتوں اور پبلک پوائنٹس پر لگے خطرناک سائن بورڈز شہریوں کیلئے خوف کی علامت بن چکے ہیں۔ آندھی اور موسمی صورتحال کی خرابی کی وجہ سے سائن بورڈز گرنے کی وجہ سے جان لیوا حادثات بھی رونما ہوچکے ہیں لیکن اسکے باوجود پی ایچ اے حکام انہیں ختم کروانے میں غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر این اے 95 سردار عثمان نواز باجوہ، تحصیل صدر سردار علی نواز باجوہ نے کہا ہے کہ اہل فیصل آباد کی جانب سے ان کے خاتمے کیلئے متعدد بار شکایات کا اندراج بھی کروایا گیا لیکن کوئی دادرسی نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے پہلے کوئی بڑا حادثہ رونما ہو ڈپٹی کمشنر فوری نوٹس کے کر کارروائی کا آغاز کریں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایچ اے حکام اور ملازمین کی جانب سے سائن بورڈز اتروانے کی بجائے مبینہ طور پر ماہانہ بھاری نذرانے وصول کرتے ہوئے خاموشی اختیار کرلی جاتی ہے۔ چند سال قبل پی ایچ اے کی جانب سے غیر قانونی سائن بورڈز

کو اتروانے کیلئے آپریشن شروع کیا گیا تھا لیکن سائن بورڈز کو اتارنے کی بجائے آدھا ادھورا کام چھوڑ دیا گیا تھا۔ بعض جگہ بارش اور طوفان کی وجہ سے گرے

بقیہ نمبر 35

امیدوار منیر اقبال چٹھ کی کامیابی پر مسلم لیگ (ن) کی قیادت اور کارکنوں کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2024ء کے عام انتخابات کے بعد مریم نواز کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) نے پنجاب سے تمام ضمنی انتخابات بڑے مارجن سے جیتے ہیں۔ پنجاب کے عوام مریم نواز کی کارکردگی سے خوش اور مطمئن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے عوام الیکٹرک بسوں، لیپ ٹاپس، اسکالرشپس، گرین ٹریکٹرز اور اپنی چھت اپنا گھر جیسے عوامی فلاحی منصوبوں کو ووٹ دے رہے ہیں۔ شیخ اکرم پاشا نے کہا کہ عوام الیکٹرک ہائیکس، الیکٹرک گاڑیوں، ستھرا پنجاب اور اپنے شہروں کو خوبصورت بنانے کے اقدامات پر بھی مریم نواز کی حکومت پر اعتماد کا اظہار کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ترقی، خدمت اور گڈ گورننس کی مثالیں قائم کی جارہی ہیں۔ مریم نواز کا طرز حکمرانی باقی صوبوں کے لیے مثال بن چکا ہے

بقیہ نمبر 36

رٹ کسی صورت چیلنج نہیں ہونے دیگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو مسلسل سیاسی، معاشی نقصان پہنچانے کی کوشش کی جارہی ہے جو کسی صورت قابل برداشت نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 37

جتوئی، اسسٹنٹ کمشنر چوک سرور شہید رحمان لودھی کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے، اسسٹنٹ کمشنر احمد پور سیال محمد نوید حیدر کو اسسٹنٹ کمشنر چوک، اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ مس غزالہ اصغر کو اسسٹنٹ کمشنر احمد پور سیال، تقرری کے منتظر مس شمینہ بشیر کو اسسٹنٹ کمشنر سوہاوہ، اسسٹنٹ کمشنر گوجرہ محمد ریاض کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے، اسسٹنٹ کمشنر سمندری قمر محمود شیخ کو اسسٹنٹ کمشنر گوجرہ، اسسٹنٹ کمشنر شکرگڑھ عدنان عاطف کو اسسٹنٹ کمشنر سمندری، سیکشن آفیسر ویلفیئر III ایس اینڈ جی اے ڈی مس غلام فاطمہ کو اسسٹنٹ کمشنر شکر گڑھ، اسسٹنٹ کمشنر چکوال ارسلان سکندر کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے، اسسٹنٹ کمشنر (ہیڈ کوارٹر) لاہور محمد اقبال کو اسسٹنٹ کمشنر چکوال، اسسٹنٹ کمشنر بھکر غلام محی الدین کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے جبکہ ڈائریکٹر جنرل پیرا کی ڈسپوزل پر موجود آفاق چوہدری کو اسسٹنٹ کمشنر بھکر تعینات کردیا گیا۔

بقیہ نمبر 38

فریقین کے پاس مسئلے کے پرامن حل کے سوا کوئی راستہ نہیں، جبکہ کسی بھی فریق کی جانب سے علاقائی انفراسٹرکچر کو نشانہ بنانے کی مخالفت کرتے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ خطے میں انفراسٹرکچر کو نشانہ بنانے کی دھمکی عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے، جبکہ خلیجی ممالک نے جنگ کا حصہ بننے کا انتخاب نہیں کیا۔ قطری وزارت خارجہ نے کہا کہ ایران کو علاقائی ممالک کے خلاف جارحانہ رویہ ترک کرنا ہوگا، تاہم قطر کو نشانہ بنائے جانے کے باوجود امن کی کوششوں سے دستبردار نہیں ہوگا۔

بقیہ نمبر 39

بہت پذیرائی ملی۔ اس ڈرامہ میں معروف اداکار اسد ملک نے مرکزی کردار ادا کیا تھا۔

بقیہ نمبر 40

کے تمام اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے [illegible] کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین) رابطہ نمبر: محمد عظیم الشان 0303-2223432

بقیہ نمبر 41

کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ [illegible] خیبر پختونخوا [illegible] تحریک انصاف ایک سیاسی جماعت ہے اگر وہ سیاسی [illegible] مذاکرات [illegible] اور بامقصد مذاکرات کرے [illegible] کے مفاد [illegible]

بقیہ نمبر 42

کا سراغ لگانے کیلئے قاتلوں کی تلاش شروع کردی۔ تفصیل کے مطابق تاندلیانوالہ کے علاقہ 411 گ ب [illegible] سال [illegible] 17 [illegible] مذکورہ [illegible]

[illegible]

کرنے کے بعد نعش بوری میں بند کر کے کنویں میں پھینک دی تھی۔ تاہم پولیس نے نعش تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر کے نامعلوم قاتلوں کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ نمبر 43

کے بعد قبائلی عمائدین نے رابطے شروع کردیے اور ایک وفد نے گورنر خیبر پختونخوا اور وزیراعلیٰ سے ملاقات کی۔ ملک خان مرجان کی سربراہی میں جرگے نے فریقین سے رابطے شروع کیے جبکہ قبائلی مشران کا ایک وفد وزیراعلیٰ ہاؤس پہنچا جہاں ان کی سہیل آفریدی سے ملاقات ہوئی۔ جرگہ پی ٹی آئی کے مطالبات اور وفاقی حکومت کے موقف کے درمیان مفاہمت اور مذاکرات کی راہ نکالنے کی کوشش کرے گا۔ جرگہ عمائد ملک خان مرجان نے کہا کہ پی ٹی آئی کے مطالبات اور وفاقی حکومت کے موقف کے درمیان مفاہمت اور مذاکرات کی راہ نکالنے کی کوشش کرے گا۔

بقیہ نمبر 44

روڈ پر سہیل اکرم سے 10 ہزار "فون چھین لیا"

بقیہ نمبر 45

ہمراہ دو روزہ خصوصی معائنہ مہم کے دوران مختلف بازاروں میں اشیائے خورونوش کے معیار اور صفائی ستھرائی کا تفصیلی جائزہ لیا۔

بقیہ نمبر 46

رضوان بلوچ، ندیم بلوچ، سہیل بلوچ (آل برادرس)، محمد امین بلوچ، نصیر محمد گلزار جونیئر، وقار ساجد حیدر بلوچ، کیپٹن منیر احمد قمرانی، فیصل بلوچ، گریز بلوچ، محمد اقبال سالاری، وقار شاہ بلوچ، اکبر بلوچ، عمر بلوچ، وقار شیر محمد بروہی، محمد عرفان شیخ ایڈووکیٹ نے کوئٹہ چیف منسٹری فٹبال ٹورنامنٹ میں شرکت کرنے والی کراچی ویسٹ فٹبال ٹیم کو بلوچستان مستونگ میں ڈاکوؤں کے ہاتھوں لٹنے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ عمل بلوچستان حکومت کیلئے باعث شرم ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کو سختی سے نوٹس لینا ہوگا۔ مجرموں کو فوری گرفتار کیا جائے، نقصانات کا ازالہ کیا جائے۔

بقیہ نمبر 47

یوتھ ونگ آزاد جموں و کشمیر سردار یاسر مشتاق کی طویل جماعتی خدمات، سیاسی جدوجہد اور نوجوانوں کے لیے ان کی کاوشوں کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں پلندری سے مسلم لیگ (ن) کا ٹکٹ دیا جائے۔ انہوں نے قائد پاکستان محمد نواز شریف، وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف سے اپیل کی کہ وہ سردار یاسر مشتاق کی جماعتی خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے پلندری سے ان کی امیدواری پر غور کریں اور انہیں مسلم لیگ (ن) کا ٹکٹ دینے کے حوالے سے مثبت فیصلہ کریں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شرافت علی چغتائی نے کہا کہ سردار یاسر مشتاق نے مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کو فعال، منظم اور متحرک بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کیا ہے۔

بقیہ نمبر 48

1983 کو مغل خان جاٹیو، سکرنڈ میں شہید ہونے والے جیالوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے انہیں سرخ سلام پیش کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ نمبر 49

ایران پر مسلط کردہ جنگ سے پہلے بھی سے چالیس امریکی جہاز خلیج فارس میں موجود تھے [illegible]

بعدالت جناب حافظ نصیب اللہ صاحب سول جج فیصل آباد

دعوی استقرار حق

[illegible]

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب/اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

[illegible]

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب/اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

[illegible]

عاق نامہ

[illegible]

Scanned with CamScanner

فیصل آباد میں اینٹی ہراسمنٹ کمیٹیوں کے تربیتی سیشن کا انعقاد

کمشنر آفس کمیٹی روم میں مختلف اداروں میں قائم ہراسمنٹ کمیٹیز کے لئے تربیتی سیشن کی صدارت کی

کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ کی نمائندگی ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن تنویر مرتضیٰ نے کی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر اینٹی ہراسمنٹ ایکٹ کے تحت صوبہ بھر میں آگاہی مہم جاری ہے۔ خاتون محتسب پنجاب ڈاکٹر نجم افضل نے فیصل آباد کا دورہ کیا اور کمشنر آفس کمیٹی روم میں مختلف اداروں میں قائم ہراسمنٹ کمیٹیز کے لئے تربیتی سیشن کی صدارت کی۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ کی نمائندگی ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن تنویر مرتضیٰ نے کی۔ گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، گورنمنٹ جنرل ہسپتال سمن آباد، نصرت فتح علی خان ہسپتال، سوشل سیکیورٹی ہسپتال، الائیڈ ہسپتال ون، ہیلتھ وایجوکیشن، کالجز اور دیگر اداروں کی ہراسمنٹ کمیٹی کے فوکل پرسنز موجود تھے۔ ریجنل ڈائریکٹر پروفیسر خالد حسن، پرسنل سٹاف آفیسر خاتون محتسب پنجاب حافظ فاروق انور اور دیگر نے بھی اظہار خیال کیا اور خواتین کو محفوظ ماحول اور انصاف کی فراہمی پر زور دیا۔ ڈاکٹر نجم افضل نے کہا کہ خواتین کو جائے ملازمت پر محفوظ اور باوقار ماحول فراہم کرنا اداروں کی ذمہ داری ہے۔ خواتین سادہ کاغذ پر بھی شکایت درج کرا سکتی ہیں۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

4 اکتوبر کو پی ٹی آئی اسلام آباد آئی تو ایمرجنسی لگائی جاسکتی ہے، رانا ثناء اللہ

پی ٹی آئی لانگ مارچ میں مزید تاخیر کرتی ہے تو مختلف آئینی آپشنز کا استعمال کرنا ہوگا، مشیر وزیراعظم



اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ کے پی حکومت وفاق کے دہشتگردی کیخلاف اقدامات میں رکاوٹ ہے، گورنرراج، ایمرجنسی اور مذاکرات ٹیبل پر ہیں، 4 اکتوبر کو پی ٹی آئی اسلام آباد آئی تو ایمرجنسی لگائی جاسکتی ہے، پی ٹی آئی لانگ مارچ میں مزید تاخیر کرتی ہے تو مختلف آئینی آپشنز کا استعمال کرنا ہوگا، جس بھی طاقت کا استعمال کرنا ہوا کیا جائے گا، سہیل آفریدی تمام چیزیں نااہلی والی کر رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ کے پی میں پی ٹی آئی دہشتگردی سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

ایف ڈی اے رہائشی کالونیوں میں غیر قانونی کمرشلائزیشن کے خلاف مہم تیز

رہائشی جائیدادوں کو کاروباری مقاصد کے لیے استعمال کرنے کے معاملات کو قانونی دائرے میں رکھنے کے لیے نگرانہ اقدامات میں کسی قسم کی نرمی یا تاخیر نہیں ہونی چاہیے

کمرشلائزیشن پالیسی کی خلاف ورزی کرنے والی جائیدادوں کی نشاندہی کے لیے فیلڈ سروے اور مانیٹرنگ کا عمل مؤثر بنایا جائے

فیصل آباد (سی رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایت پر ایف ڈی اے کے زیر کنٹرول رہائشی کالونیوں میں غیر قانونی کمرشلائزیشن کے خلاف جاری مہم مزید تیز کر دی گئی ہے۔ اس سلسلے میں انفورسمنٹ ٹیموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ کمرشلائزیشن پالیسی پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں اور رہائشی جائیدادوں کی کمرشلائزیشن کی صورت میں مقررہ واجبات اور عائد کردہ جرمانوں کی وصولی کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ ان امور پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک اجلاس ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے قیصر عباس رند کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ڈائریکٹرز ٹاؤن پلاننگ اسماء محسن، افنان سعید سندھو، ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ ون جنید حسن منج، ڈپٹی ڈائریکٹر فنانس عدنان شہزاد، ڈپٹی ڈائریکٹر آئی ٹی عبداللہ نور اور دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل نے نجی آبادیوں سمیت ایف ڈی اے کے زیر کنٹرول رہائشی کالونیوں میں جائیدادوں کی غیر قانونی کمرشلائزیشن کے خلاف جاری مہم کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ رہائشی جائیدادوں کو کاروباری مقاصد کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)



وزیراعظم نے اقوام متحدہ میں قوم کی ترجمانی کی، شیراز کاہلوں

عالمی برادری کی توجہ مبذول کرائی جو انتہائی خوش آئند ہے، رہنما مسلم لیگ نون



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ نون کے رہنما اور سابق اپوزیشن لیڈر میٹرو پولیٹن کارپوریشن چوہدری شیراز کاہلوں نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کو پاکستان کے قومی وملی موقف کی بھرپور ترجمانی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم نے کشمیر، فلسطین، حرمین شریفین، پاکستان کے آبی حقوق، دہشت گردی اور عالمی امن کے حوالے سے جو دوٹوک موقف پیش کیا وہ ہی پاکستان قوم کا موقف ہے۔ وزیراعظم نے حرمین شریفین کے تقدس وتحفظ و ناقابل جو یہ قرار دے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

معصوم لوگوں پر حملہ کرنے والے کسی رحم یا رعایت کے مستحق نہیں

پاکستان کے دشمن مملکت خداداد پاکستان کو کمزور کرنے کیلئے ہر قسم کے ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فاروق یوسف شیخ نے ڈیرہ اسماعیل خان میں خودکش دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کا سختی سے محاسبہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم لوگوں پر حملہ کرنے والے کسی رحم یا رعایت کے مستحق نہیں۔ تاہم حکومت کو ایسی فضا قائم کرنی چاہیے جس سے لوگوں کو بڑے پیمانے پر روزگار ملے اور وہ دہشت گردوں کے بہکاوے میں نہ آئیں۔ انہوں نے کہا کہ سب کو معلوم ہے کہ پاکستان کے دشمن مملکت خداداد پاکستان کو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)



فیصل آباد۔ خاتون محتسب پنجاب ڈاکٹر نجم افضل، ریجنل ڈائریکٹر پروفیسر خالد حسن، پرسنل سٹاف آفیسر حافظ فاروق انور و دیگر کا کمشنر آفس میں اینٹی ہراسمنٹ کمیٹیز کے لئے منعقدہ تربیتی سیشن کے موقع پر فوکل پرسنز کے ہمراہ گروپ فوٹو

نیک اولاد والدین کے لیے بہترین صدقہ جاریہ ہے

والدین انسان کی سب سے بڑی دولت ہیں' آصف رضا قادری

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) نیک اولاد والدین کے لیے بہترین صدقہ جاریہ ہے۔ والدین انسان کی سب سے بڑی دولت ہیں۔ والدین کی خدمت واطاعت کرکے دنیا وآخرت میں کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔ معاشرے میں والدین کی اہمیت اور ادب واحترام اجاگر کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ اسلام نے والدین کی خدمت واطاعت کرنے پر بہت زور دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان سنی تحریک کے مرکزی کوآرڈینیٹر وممبر ضلعی امن کمیٹی پروفیسر پیر میاں محمد آصف رضا قادری نے الحاج لیاقت تنویر کی اہلیہ اور رہنما مسلم لیگ (ن) عثمان تنویر کی والدہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

تھانہ سٹی تاندلیانوالہ کے علاقہ 40 گ ب کے گنڈاس والا چوک کے قریب تیز رفتار ٹرک نے نماز فجر کی ادائیگی کیلئے جانے والے شخص کو کچل دیا

فیصل آباد (آن لائن) تھانہ سٹی تاندلیانوالہ کے علاقہ 401 گ ب کے گنڈاس والا چوک کے قریب تیز رفتار ٹرک نے نماز فجر کی ادائیگی کیلئے جانے والے شخص کو کچل دیا، لواحقین کا نعش روڈ پر رکھ کر احتجاج' پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

مکہ معاہدہ مسلمانوں کے اتحاد کا ذریعہ بنے گا' قاری عبدالرحمٰن

حرمین شریفین کے دفاع کیلئے تمام مسلمان متحد ہیں اور ہم ہر قسم کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) حرمین شریفین کے تحفظ کیلئے ہر طرح کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں سعودی مکی دفاعی معاہدے کو سراہتے ہیں، یہ معاہدہ عالم اسلام کے اتحاد کا ذریعہ بنے گا، ان خیالات کا اظہار مرکزی بین المذاہب امن کمیٹی پاکستان کے چیئرمین صاحبزادہ پیر قاری عبدالرحمٰن نقشبندی 'سینئر وائس چیئرمین علامہ سکندر حیات ذکی 'صدر حافظ شاہد اشرف 'سیکرٹری جنرل صاحبزادہ طاہر محمود سیالوی 'وائس چیئرمین حافظ غیب حمید 'وائس چیئرمین آغا غلام جعفر رضا علوی 'چیئرمین اور سینئر جنرل سعید باجوہ 'چیف کوآرڈینیٹر قاری محمد عارف سیالوی و دیگر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

صوابی، بھانجے کی ٹک ٹاک ویڈیوز پر اعتراض، بھائی نے بہن اور بھانجی کو قتل کر دیا

صوابی (این این آئی) صوابی کے علاقے گدون لیرن میں مبینہ طور پر بھانجے کی ٹک ٹاک ویڈیو بنانے پر اعتراض کے باعث بھائی نے فائرنگ کرکے اپنی بہن اور بھانجی کو قتل کردیا اور فرار ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ملزم گھر میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

اسکردو، پولو ٹورنامنٹ فائنل میں سیاسی نعرہ لگانے والے کی درخواست ضمانت مسترد

اسکردو (این این آئی) اسکردو میں علی شیر خان انچن پولو ٹورنامنٹ کے فائنل میں سیاسی نعرہ لگانے پر مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق کھیل کے اختتام پر سیاسی نعرے لگانے پر نوجوان کو حراست میں لیا گیا ہے۔ سیشن کورٹ اسکردو نے کھیل کے اختتام پر سیاسی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

درست اور بروقت معلومات تک رسائی بہتر جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے

شفاف طرز حکمرانی اور عوامی اعتماد کیلئے معلومات تک رسائی ناگزیر ہے' حافظ مختار احمد رندھاوا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ہلال احمر ہسپتال فیصل آباد کے ایم ایس ڈاکٹر حافظ مختار احمد رندھاوا نے کہا ہے کہ درست اور بروقت معلومات تک رسائی کا حق بہتر جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے ریاست پاکستان شفافیت، احتساب اور شہریوں کے معلومات حاصل کرنے کے بنیادی حق کی مکمل پاسداری کرتی ہے۔ حکومت کے امور میں شفافیت اور اداروں کو عوام کے سامنے جوابدہ بنانا اولین ترجیح ہونی چاہئے۔ معلومات تک عالمگیر رسائی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں ڈاکٹر حافظ مختار رندھاوا نے کہا کہ معلومات تک رسائی شفاف طرز حکمرانی، عوامی اعتماد اور بہتر فیصلہ سازی کے لئے ناگزیر ہے۔



فیصل آباد: ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان علامہ عبدالرشید حجازی، قاری محمد ارشد، خالد محمود اعظم آبادی، مولانا محمد سردار عابد، مولانا حبیب الرحمٰن مدنپوری، حاجی بشیر احمد، مولانا محمد حسین سردار، حافظ محمد اسحاق سلفی، افتخار احمد فراز، مولانا حنیف ربانی، رانا نصیر احمد و دیگر تحفظ حرمین شریفین کے دفاع کا عزم کر رہے ہیں

سوات: چار باغ کے علاقے سامیر میں فائرنگ، مسلم لیگ ن کے مقامی رہنما روشن علی جاں بحق

سوات (این این آئی) تحصیل چار باغ کے علاقے سامیر میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے مسلم لیگ ن کے مقامی رہنما روشن علی کو قتل کردیا۔ پولیس کے مطابق 36 سالہ روشن علی اپنے گاؤں میں گھر کے قریب موجود تھے کہ اس دوران نامعلوم افراد نے ان پر فائرنگ کردی۔

حرمین شریفین کا تحفظ و دفاع ہمارے ایمان کا حصہ ہے

ہم کسی صورت بھی حرمین شریفین کا تقدس پامال نہیں ہونے دے گے' عبدالرشید حجازی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) حرمین شریفین کا تحفظ ودفاع ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔ ہم کسی صورت بھی حرمین شریفین کا تقدس پامال نہیں ہونے دے گے۔ ہمارے اسلاف نے جس طرح عقیدہ ختم نبوت کا دفاع کیا تھا ایسے ہی مکہ مدینہ اور بلاد حرمین شریفین کا دفاع اپنی جانوں پر کھیل کر کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان علامہ عبدالرشید حجازی، قاری محمد ارشد، خالد محمود اعظم آبادی، مولانا محمد سردار عابد، مولانا حبیب الرحمٰن مدنپوری، مولانا محمد حسین سردار، حافظ محمد اسحاق سلفی، افتخار احمد فراز، حاجی بشیر احمد، رانا نصیر احمد و دیگر نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)

بہاولپور ضمنی الیکشن میں ن لیگ کی کامیابی عوامی اعتماد کا اظہار، شیخ اکرم پاشا

مریم نواز کی کارکردگی اور فلاحی منصوبوں کو عوامی حمایت حاصل ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاہما کے سابق چیئرمین شیخ اکرم پاشا نے کہا کہ کچھ لوگ آج بھی انتشار اور فساد کو ہی اصل سیاست سمجھتے ہیں۔ پاکستان کے عوام جھتوں اور بلوائیوں کی سیاست سے تنگ آچکے ہیں۔ بہاولپور کے عوام نے ایک بار پھر مسلم لیگ (ن) پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ 39 ہزار ووٹوں سے منیر اقبال چنڑ کی کامیابی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی کارکردگی کا اعتراف ہے بہاولپور ضمنی الیکشن میں مسلم لیگ (ن) کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

خطرناک سائن بورڈز شہریوں کیلئے خطرہ، فوری کارروائی کا مطالبہ

آندھی اور موسمی صورتحال کی خرابی کی وجہ سے سائن بورڈز گرنے کی وجہ سے جان لیوا حادثات بھی رونما ہوچکے ہیں



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر این اے 95 سردار عثمان نواز باجوہ، تحصیل صدر سردار علی نواز باجوہ نے کہا ہے کہ سائن بورڈز کے لٹکتے ہوئے پائپ، لوہے کی شیٹیں اور چادریں شہریوں کیلئے خوف کی علامت بنے ہوئے ہیں جبکہ ہوا میں لٹکے ہوئے یہ پائپ، لوہے کی چادریں کسی بھی وقت کسی بڑے حادثے کا باعث بھی بن سکتے ہیں پی ایچ اے کی غفلت اور لاپرواہی سے شہر کی مین شاہراہوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قابل تحسین

دہشت گردی کے ناسور نے پاکستان کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی یورپ کے صدر ڈاکٹر ارشاد علی کیوہ نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور نے پاکستان کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے پاکستان دشمن دہشت گردوں کو ہر صورت شکست دی جائے گی ڈی آئی خان خودکش بم دھماکے میں شہدا کی شہادت پر دلی افسوس ہوا ہے ڈرون حملے پاکستان کی خودمختاری اور ملک سلامتی کی خلاف ورزی ہے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

شہری علاقوں سے مویشی باہر نکالنے کی مہم تیز، کمشنر فیصل آباد

علاقوں سے سول سوسائٹی پر مشتمل کمیٹیز بھی قائم کی جائے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے مختلف سیوریج سکیم والے علاقوں کا دورہ کیا اور مویشیوں کو باہر نکالنے کی جاری مہم پر عملدرآمد بارے بریفنگ لی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مویشیوں کو شہری حدود سے باہر نکالنے کی مہم پوری قانونی قوت سے جاری رکھیں جبکہ علاقوں سے سول سوسائٹی پر مشتمل کمیٹیز بھی قائم کی جائے۔ انہوں نے رشید آباد سمیت دیگر علاقوں کے رہائشیوں سے ملاقات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)

ملکی سلامتی کیلئے پاک فوج کی خدمات قابل تحسین، ہاشم توصیف خان

پی ٹی آئی انتشار کی طرف جانے سے گریز کرے ریاست اپنی رٹ کسی صورت چیلنج نہیں ہونے دیگی

پاکستان کو مسلسل سیاسی، معاشی نقصان پہنچانے کی کوشش کی جارہی ہے جو کسی صورت قابل برداشت نہیں ہے

فیصل آباد (پ ر) ضلعی صدر ایم ایس ایف فیصل آباد، کوارڈی نیٹر وزیر تعلیم پنجاب ضلع فیصل آباد ہاشم توصیف خان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ جنرل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج ملکی دفاع، سلامتی اور استحکام کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہی ہے۔ پاکستان کے عوام ملکی سلامتی، خودمختاری اور قومی یکجہتی کے لیے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ موجودہ حالات میں ملک کو اتحاد، اتفاق اور باہمی اعتماد کی ضرورت ہے۔ تمام طبقات کو چاہیے کہ قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے ملک کی ترقی، معاشی استحکام اور امن کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ مضبوط اور مستحکم پاکستان ہی عوام اور کاروباری طبقے کے بہتر مستقبل کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی انتشار کی طرف جانے سے گریز کرے ریاست اپنی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)



فیصل آباد: ایف پی آر کے پرائیویٹ حاجیوں پر پوائنٹ آف سیل کے نفاذ کے خلاف پی ایم اے کی پریس کانفرنس سے ڈاکٹر طفیل محمد سرپرست، صدر رانا عارف، سابق صدر ڈاکٹر عبدالستار قریشی، ڈاکٹر صولت نواز صدر پرائیویٹ حاجیوں ایسوسی ایشن اور ڈاکٹر عاطف تنویر جنرل سیکرٹری خطاب کر رہے ہیں

ایف سی ایس ٹی آئی کی نئی قیادت کا چھوٹے تاجروں کو ریلیف دینے کا عزم

چھوٹے تاجروں کو سرکاری محکموں سے زیادہ سے زیادہ ریلیف دلانے کی کوشش کریں گے

فیصل آباد (پ ر) فیصل آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے نو منتخب صدر میاں ندیم اور نو منتخب نائب صدر میاں منیر نے کہا کہ FCSTI ہمارا دوسرا گھر ہے' ہم سب نے مل کر اس گھر کو سنوارنا ہے' ماضی میں جو کوتاہیاں ہوئی انہیں دہرانا نہیں بلکہ ان سے سیکھ کر آگے بڑھنا ہے' ان خیالات کا اظہار انہوں نے انجمن تاجران ریلوے روڈ کے عہدیداران صدر حاجی احسان الحق' جنرل سیکرٹری آفتاب بٹ' شیخ محمد فیصل' قیصر سیٹھی' عادل شہزاد' عبدالحق' نیاز احمد' شیخ سعید' میاں اختر محمود' رانا اسلم' محمد شاہد' خالد پرویز سے کیا جو انہیں مبارکباد دینے کیلئے FCSTI آفس پہنچے تھے۔

پنجاب حکومت نے 14 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کردیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 14 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کردیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر چونیاں ساجد اقبال کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے، ڈائریکٹر جنرل پیرا ملتان (صدر) کی ڈسپوزل پر موجود محمد افضل کو اسسٹنٹ کمشنر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

امریکی سفارتخانے کی شکایت، اسٹوڈنٹ ویزا کیلئے جعلی دستاویز دینے والا گرفتار

ملزم نے جعلی بینک اسٹیٹمنٹس، ایف بی آر ٹیکس ریکارڈ اور دیگر دستاویزات امریکی سفارت خانے میں جمع کروائیں

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد نے امریکا کے اسٹوڈنٹ ویزا کے لیے جعلی دستاویزات جمع کرانے والے امیدوار کو گرفتار کرلیا۔ امریکی سفارت خانے کی جانب سے موصول ہونے والی شکایت کے بعد یہ کارروائی کی گئی، ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزم نے ویزا پراسیسنگ کے لیے لاہور میں واقع ایک ایجوکیشنل کنسلٹنسی کے ذریعے 2 لاکھ روپے ادا کیے تھے۔ تحقیقات سے معلوم ہوا کہ ویزا درخواست کے لیے جعلی بینک اسٹیٹمنٹس، ایف بی آر ٹیکس ریکارڈ اور دیگر دستاویزات تیار کرکے امریکی سفارت خانے میں جمع کروائی گئیں۔

امریکا اور ایران میں پیغامات کا تبادلہ، اتفاق رائے کی کوشش جاری ہے، قطر

دوحہ (این این آئی) قطری وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان پیغامات کا تبادلہ اب بھی جاری ہے اور اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ قطری وزارت خارجہ کے مطابق (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)



فیصل آباد اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے زیراہتمام گورنمنٹ گریجویٹ کالج عبداللہ پور کے اساتذہ وطلبہ کیلئے اسلامی بینکاری کے موضوع پر آگاہی سیشن سے ڈویژنل ہیڈ احمد بلال عارف، سینئر آفیسر شعیب منیر، محترمہ سعدیہ علی، پروفیسر ڈاکٹر محمد طیب، مفتی عبدالباسط و دیگر خطاب کر رہے ہیں

ابرار حبیبی نے موم کا چہرہ ٹی وی ڈرامہ سے اپنے شوبز کیریئر کا آغاز کیا

یہ ڈرامہ 2000 کی دہائی کے وسط میں نشر ہوا اور اس ڈرامہ سیریل اور مجھے ناظرین کی طرف سے بہت پذیرائی ملی



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پی ٹی وی کا مشہور ڈرامہ "موم کا چہرہ" نامور صحافی، ڈرامہ رائٹر اور پروڈیوسر آصف علی پوتا کی تحریر اور ہدایات میں تیار کیا گیا تھا۔ میں نے اس ڈرامہ میں پولیس والے کا کردار ادا کرکے اپنے شوبز کیریئر کا آغاز کیا تھا۔ ان خیالات کا اظہار معروف صحافی، اینکر، مصنف وہدایت کار واداکار ابرار حبیبی نے روزنامہ بصیر کو ایک انٹرویو میں کیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ یہ ڈرامہ 2000 کی دہائی کے وسط میں نشر ہوا اور اس ڈرامہ سیریل اور مجھے ناظرین کی طرف سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)

پی ٹی آئی کی احتجاجی سیاست کو عوام نے مسترد کردیا

میاں ضیاء الرحمٰن

پاکستان کی ترقی وخوشحالی کا جب بھی دور شروع ہوتا ہے انتشاری ٹولہ رکاوٹیں ڈالنے کے لیے دھرنا، لانگ مارچ اور جلاؤ گھیراؤ کی کال دیتا ہے جو کہ ملکی مفاد کے لئے کسی صورت قابل قبول نہیں ہے

تحریک انصاف ایک سیاسی جماعت نہیں اگر وہ سیاسی جماعت ہونے کی دعوے دار ہے تو مذاکرات کی میز پر آئے اور بامقصد مذاکرات کرے، جس میں ملک وقوم کے مفاد میں ہوں

فیصل آباد (پ ر) جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ ن کارپوریشن فیصل آباد میاں ضیاء الرحمان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی جتنی مرضی تاریخیں بدلے اس وقت ان کی تحریک "تاریکی" کا شکار ہے اور کے پی کے سمیت ملک بھر کے عوام اور انہی کے کارکنوں نے انتشار، جلاؤ گھیراؤ کی سیاست کو مسترد کردیا ہے جس کی وجہ سے انہیں نام نہاد لانگ مارچ کے لئے "تانگہ" بھرنے کے لئے بھی سواریاں میسر نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی وخوشحالی کا جب بھی دور شروع ہوتا ہے انتشاری ٹولہ رکاوٹیں ڈالنے کے لئے دھرنا، لانگ مارچ اور جلاؤ گھیراؤ کی کال دیتا ہے جو کہ ملکی مفاد کے لئے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)

ملکی دفاع وسلامتی کیلئے پاک فوج بھرپور ذمہ داریاں انجام دے رہی ہے

قومی اتحاد، معاشی استحکام اور امن کیلئے مشترکہ کردار ادا کرنے پر زور

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مرکزی بین المذاہب امن کمیٹی پاکستان کے ڈویژنل نائب صدر حافظ پروفیسر حکیم سید محمد یاسر شاہ قادری نے کہا ہے کہ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج ملکی دفاع، سلامتی اور استحکام کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہی ہے۔ پاکستان کی تاجر برادری 'وکلاء برادری' علماء اکرام سمیت پوری قوم ملکی سلامتی، خودمختاری اور قومی یکجہتی کے لیے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ موجودہ حالات میں ملک کو اتحاد، اتفاق اور باہمی اعتماد کی ضرورت ہے۔ تمام طبقات کو چاہیے کہ قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے ملک کی ترقی، معاشی استحکام اور امن کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کریں۔



فیصل آباد۔ پاکستان کونسل آف ریسرچ ان واٹر ریسورسز کے زیر اہتمام گورنمنٹ کالج برائے خواتین 215 ر۔ب میں فری واٹر ٹیسٹنگ کیمپ کا قیام

فیصل آباد میں فری واٹر ٹیسٹنگ کیمپ، پانی کے نمونے چیک

طالبات کو محفوظ اور غیر محفوظ پانی بارے آگاہی دی گئی

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان کونسل آف ریسرچ ان واٹر ریسورسز فیصل آباد نے گورنمنٹ کالج برائے خواتین 215 ر۔ب جڑانوالہ روڈ میں فری واٹر ٹیسٹنگ کیمپ کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر طالبات کو محفوظ اور غیر محفوظ پانی کے بارے میں آگاہی دی گئی۔ طالبات کے گھروں کے پانی کے نمونہ جات کو چیک کیا گیا۔ علاوہ ازیں بسم اللہ گارڈن میں مختلف مقامات سے پانی کے نمونہ جات بھی لئے گئے۔ اس موقع پر طالبات کو محفوظ اور غیر محفوظ پانی کے بارے میں آگاہی دی گئی۔ طالبات کے گھروں کے پانی کے نمونہ جات کو چیک کیا گیا۔

سفاک ملزمان نے دوشیزہ کو مبینہ طور پر قتل کر کے نعش بوری میں بند کر کے کنویں میں پھینک کر فرار ہوگئے

فیصل آباد (آن لائن) سفاک ملزمان نے دوشیزہ کو مبینہ طور پر قتل کر کے نعش بوری میں بند کر کے کنویں میں پھینک کر فرار ہوگئے، اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 نے بوری بند نعش کنویں سے نکال کر پولیس کے حوالے کر دی۔ تاندلیانوالہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے اندھے قتل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

2 لاکھ میٹرک ٹن چینی برآمد کرنے کے طریقہ کار کو حتمی شکل دے دی گئی

نائب وزیراعظم کی متعلقہ وزارتوں کو عمل تیز کرنے اور زیر التوا ضابطہ کارروائیوں کو فوری طور پر مکمل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) چینی کی برآمد سے متعلق کابینہ کمیٹی کا اجلاس نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیرصدارت ہوا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اجلاس میں 2 لاکھ میٹرک ٹن چینی کی برآمد کے طریقہ کار کو حتمی شکل دی گئی، چینی کی قیمتوں کی باقاعدہ نگرانی کے لیے مانیٹرنگ کمیٹی کی منظوری بھی دی گئی۔ ترجمان کے مطابق نائب وزیراعظم نے متعلقہ وزارتوں کو عمل تیز کرنے اور زیر التوا ضابطہ کارروائیوں کو فوری طور پر مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ اقدامات کا مقصد چینی کی صنعت اور گنے کے کاشتکاروں کی معاونت، زرمبادلہ کی آمدنی میں اضافہ اور ملکی صارفین کے مفادات کا تحفظ ہے۔

خیبر پختونخوا کے قبائلی عمائدین سیاسی کشیدگی ختم کروانے کیلئے متحرک، گورنر اور وزیر اعلیٰ سے ملاقاتیں

پشاور (این این آئی) وفاق اور صوبائی حکومتوں کے درمیان بڑھتی سیاسی کشیدگی کم کرنے کیلئے قبائلی جرگہ کے عمائدین نے گورنر کے پی اور وزیر اعلیٰ سے ملاقاتیں کیں۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں بڑھتی ہوئی سیاسی کشیدگی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)

محمد عظیم الشان کی والدہ انتقال کرگئیں، نماز جنازہ میں تاجروں واہل علاقہ کی شرکت

مرحومہ کی مغفرت اور لواحقین کیلئے صبر وجمیل کی دعا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران ناظم آباد نوشاہی چوک کے فنانس سیکرٹری محمد عظیم الشان کی والدہ محترمہ رضائے الٰہی سے انتقال فرما گئی، (اناللہ وانا الیہ راجعون)۔ نماز جنازہ گزشتہ روز پر بھکر طرز والے قبرستان میں ادا کی گئی، نماز جنازہ میں تاجروں' بزنس کمیونٹی' سیاسی وسماجی شخصیات سمیت اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی، مرحومہ کی مغفرت اور بلندئی درجات کے لیے خصوصی دعا کی گئی اور سوگوار خاندان سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا۔ انجمن تاجران ناظم آباد نوشاہی چوک کے صدر رانا عبداللہ' جنرل سیکرٹری میر محمد قیم اور دیگر عہدیداران اور اراکین' نیشنل یوتھ پارلیمنٹ پاکستان کے صدر پنجاب محمد ذیشان گگے زئی نے محمد عظیم الشان اور ان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

ڈیجیٹل میڈیا سے شہریوں کو سرکاری معلومات اور خدمات کی فراہمی ضروری

شفافیت اور جوابدہی کیلئے معلومات تک آسان رسائی ناگزیر ہے' ڈاکٹر معروف وینس


فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن پنجاب کے پیٹرن انچیف ڈاکٹر معروف وینس نے کہا کہ حکومتی وفاقی و صوبائی ڈیجیٹل میڈیا کا مقصد شہریوں کو معلومات اور سرکاری خدمات ان کی دہلیز تک پہنچانا ہے، باخبر شہری ہی بہتر فیصلے اور مضبوط معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں۔ آزاد اور شفاف معلومات کے ذریعے بدعنوانی کا مؤثر انداز میں خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔ معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق اور با اختیار معاشرے کی بنیاد ہے۔ شفافیت، جوابدہی اور گڈ گورننس کے لیے معلومات تک آسان رسائی ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ مریم نواز شریف جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عوام کو سرکاری معلومات تک فوری اور آسان رسائی فراہم کی جارہی ہے۔

شہر میں ڈکیتی' چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

50 سے زائد مقامات پر سنگین وارداتوں کے دوران لاکھوں کے زیورات' نقدی' قیمتی سامان اور موبائل فونز چھین لئے گئے جبکہ متعدد شہریوں کی موٹر سائیکلیں اور رکشے چور لے اُڑے

'اسماعیل ٹاؤن کے غلام قادر کے گھر سے قیمتی سامان چوری' 610 گ ب کے طالب حسین کے گھر کے تالے توڑ کر زیورات' نقدی چور لے گئے

فیصل آباد (آن لائن) شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی وراہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، مزید 50 سے زائد مقامات پر سنگین وارداتوں کے دوران لاکھوں کے زیورات' نقدی' قیمتی سامان اور موبائل فونز چھین لئے گئے جبکہ متعدد شہریوں کی موٹر سائیکلیں اور رکشے چور لے اُڑے' پولیس تلاش وبسیار کے باوجود سماج دشمن عناصر کا سراغ نہ لگا سکی۔ تفصیل کے مطابق جھنگ روڈ پر نادر سے تیل اور بیٹریاں چوری' ملاں پور کے قریب سارو خان سے 1 لاکھ روپے' فون چھین لیا' چک جھمرہ کے وقاص کے ڈیرہ سے 5 بکرے چوری' نیامت ٹاؤن کے عبدالغفار کے گھر سے سامان چوری' 581 گ ب کے عطاء ؟ سے 4 ہزار روپے' فون' 283 گ ب کے فیصل کی حویلی سے مویشی چوری' منڈی گلی کے قریب طارق کی دکان سے نقدی چوری' 31 گ ب کے اعجاز سے 2 لاکھ' فون چھین لیا' 18 ج ب کے محمد حسن کے گھر سے قیمتی جانور چوری' ڈجکوٹ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)



فیصل آباد۔ محکمہ لائیوسٹاک کے زیراہتمام مویشی پال کو جانوروں کی صحت بارے آگاہی دی جارہی ہے

Scanned with CamScanner